المفتي: كيف ينتقل هذا العكس من الزجاجة إلى الورق.

علماء مصر: بعد عمل كثير.

المفتي: أي فرق بين معالجة الأيدي وصنع الإنسان والعمل الكثير؟

علماء مصر: نعم، هو شيء واحد.[13]

المفتي: إذن حكمهما واحد.

<u>الفتوى حول مسألة بيع بالسوق السوداء.</u>

الاستفتاء: ما تقول الشريعة الإسلامية في أمر شخص حصل على أي شيء في الجراية الحكومية كالقمح مثلا وباعه بسعر غال أي بالسوق السوداء فهل يجوز عمله هذا من حيث الشريعة وهل يجوز بيع وشراء الأشياء بالسوق السوداء.

---

12 جمعية مفتي أعظم نمبر، ص 25

13 جمعية مفتي أعظم نمبر، ص 25

وفيما يلي جوابه الذي كتبه بغاية الإيجاز ولكن بوضوح وجلاء.

الفتوى: بيع الأشياء السوداء محظورة شرعيا، لأن فيه انتهاك حقوق الناس وظلما على العامة وفيه احتمال الكذب أيضا.[14]

عدد فتاواه:

من الصعب إحاطة عدد فتاوى المفتي الأعظم لأنه كتب الفتاوى في وقت غير محدد أحيانا كتب في المدرسة وأحيانا في الطريق، هذه في البيت وتلك في السوق وتلك في السفر والأخرى في الحضر، مرة في الليل وأخرى في النهار فالمفتي كتب كل حين ولم يكن له وقت محدد حتى أنه أجاب عن الأسئلة في حالة المرض أيضا ولو قدر عدده عن حساب فتوى واحدة في كل يوم فيتجاوز عددها عشرين ألفا.

بدأ المفتي كتابة الفتاوى منذ عام 1316هـ الموافق 1898م وجاء إلى دلهي عام 1321هـ الموافق 1903م وبدئ بنقل الفتاوى في الدفاتر في المدرسة الأمينية الإسلامية بعد مدة طويلة.

وأول دفتر يوجد في المدرسة الأمينية هو من شهر ربيع الأول عام 1352هـ الموافق يونيو 1933م معناه بدأ تسجيل الفتاوى بعد مرور ست وثلاثين سنة من كتابته الفتاوى.

واتخذ خمسة دفاتر لتسجيل الفتاوى والإجابات الفقهية في حياته وأربعة دفاتر كانت مملوئة تماما وكتب آخر فتاراه في تاريخ 27 من شهر ذي القعدة عام 1363هـ الموافق عام 1944م. وبعد سجل خمس وعشرون فتوى في الدفتر الخامس في مدة ثماني سنوات حتى وفاته. في هذه الدفاتر نقلت فتاوى المفتي الأعظم بالإضافة إلى فتاوى الشيخ حبيب المرسلين نائبه وغيره من تلامذة المفتي.

وتوجد أقدم الفتاوى للمفتي التي كتبها في عام 1319هـ الموافق 1901م عند ما كان المفتي أستاذا في مدرسة "عين العلوم" بـ شاه جهان بور ويوجد عليها توقيع أستاذه الأول الشيخ عبيد الحق خان وتوقيعات علماء شاه جهان بور الآخرين وهذه الفتوى تتعلق بحكم صلاة السنة في الفجر، وهي مذكورة في المجلد الثالث لـ "كفاية المفتي".

---

14 فتوى من فتاوى كفاية المفتي

كفاية المفتي:

هي مجموعة فتاوى المفتي الأعظم رحمه الله رتبه ابنه الشيخ حفيظ الرحمن واصف في تسع مجلدات وقد بذل جهوده في ترتيبه وتأليفه.[15]

وفي الحقيقة أنه لا يمكن لأي شخص أن يجمع ويرتب مثل هذه المجموعة الهائلة لأن فتاواه لم تكن موجودة في مكان واحد، إنما كانت منتشرة في جميع العالم وأمكنة عديدة وعند أشخاص لا تعرف عناوينهم ومساكنهم.

ذلك لأن المفتي الأعظم لم يكتب الفتاوى من جهة واحدة إنما كانت حياته كلها موقوفة لكتابة الفتاوى كل الوقت، ولا يستطيع أحد جمع هذه الفتاوى وترتيبها في مجموعة واحدة، وهذا عمل لا يمكن أن ينجزه إلا أكاديمية أو ندوة علمية.

لكن الشيخ حفيظ الرحمن واصف قام بهذا العمل العظيم المدهش الذي لا نظير له ببذل جهوده التي لا نتصورها وأنجزه بكد النفس وعرق الجبين بحيث يعد ذلك من مآثره الباهرة.

والفتاوى التي تتضمنها "كفاية المفتي" قد أخذت من عدة مصادر منها ما أخذت من سجلات المدرسة ومنها ما أخذت من أراشيف جريدة "الجمعية" ومنها: ما كان موجودا بالبيت أو تم الحصول عليها من مختلف الأشخاص الذين كانت عندهم موجودة أو نقلت من مختلف الكتب المطبوعة ويبلغ عددها 4489 فتوى.[16]

ولا شك أن مجموعة "كفاية المفتي" هذه تساوي موسوعة في الفقه الإسلامي باللغة الأردية يستفيد منها الجيل الجديد وعلماء العصر الراهن. ليت هذه المجموعة تترجم إلى اللغة العربية لكى يستفيد منها العالم الإسلامي والعربي ويسود فيضان المفتي العلمي إلى أقصى أنحاء العالم.

---

15 مقدمة كفاية المفتي

16 مقدمة كفاية المفتي ، المجلد الأول والتاسع

المصادر والمراجع:

1. مختصر تاريخ مدرسة أمينية، دلهي، 1944م
2. واصف، حفيظ الرحمن، مفتى أعظم كي ياد (الأردية)، دلهي، 1966م
3. رضوى، محبوب، تاريخ دار العلوم ديو بند، دلهي، 1952م
4. راشد أحمد راشد، بيس بڑے مسلمان، لاهور، 1969م
5. https://en.wikipedia.org/wiki/Kifayatullah_Dihlawi
6. الجمعية اليومية (الأردية)، عدد خاص للمفتي أعظم، دلهي، 1953
7. محمد طيب قاري، تاريخ دار العلوم ديوبند (الأردية)، دلهي، 1965
8. مقدمة كفاية المفتي ، المجلد الأول والتاسع، دلهي - 1975م

نبذة عن الشيخ صلاح الدين مقبول أحمد

صغير أحمد ضامن علي

الباحث في مركز الدراسات العربية والإفريقية

جامعة جواهر لعل نهرو، نيو دلهي

هو الشيخ ابو عبد الله صلاح الدين مقبول أحمد، ولد في غرة جمادى الآخرة سنة 1375 من الهجرة الموافق 15 من شهر يناير 1956 للميلاد، في قرية "أونرهوا" بمديرية "بلرام فور" أترا براديش، الهند. حصل على التعليم الابتدائي في قريته و بعد ذلك التحق بمدرسة شمس العلوم بقرية سمرا. ثم انتقل إلى الجامعة الرحمانية و أكمل المرحلة المتوسطة فيها. و بعد ذلك، درس في الجامعة السلفية ببنارس و حصل على شهادة العالمية و الفضيلة من نفس الجامعة. ثم التحق الشيخ بالجامعة الإسلامية بالمدينة المنورةعام 1398 للهجرة الموافق 1978 للميلاد إلى أن تخرج فيها سنة 1401للهجرة الموافق 1981للميلاد حاصلاً على شهادة الليسانس في الحديث الشريف والدراسات الإسلامية.

من أهم مشايخه الذين تتلمذ على أيديهم:

(1) الشيخ عبد الوحيد الرحماني رحمه الله، (2) الشيخ عبد المعيد البنارسي رحمه الله (3) الشيخ محمد إدريس آزاد الرحماني رحمه الله (5) الشيخ الدكتور مقتدى حسن الأزهري رحمه الله الأديب العربي المعروف (6) الشيخ صفي الرحمن المباركفوري رحمه الله (صاحب كتاب السيرة الشهير "الرحيق المختوم").(7) الشيخ محمد رئيس الندوي رحمه الله المحقق المعروف (8) الشيخ عبد الحميد الرحماني حفظه الله، رئيس مركز أبو الكلام آزاد للتوعية الإسلامية بنيو دلهي (9) الشيخ عبد السلام المدني حفظه الله (10) الشيخ عبد الرحمن الليثي حفظه الله (11) الشيخ عبد السلام الرحماني رحمه الله

(12) الشيخ عزيز أحمد الندوي رحمه الله و (13) الشيخ عبد المبين منظر رحمه الله (14) الشيخ عبد العليم ماهر حفظه الله (15) الشيخ محمد احمد الأثري حفظه الله و غيرهم.

ومن المشايخ والعلماء المعاصرين الذين تأثر بهم الشيخ عن طريق كتاباتهم أو أشرطتهم و لقاءاتهم:

الشيخ عبد العزيز بن عبد الله بن باز مفتي المملكة العربية السعودية والشيخ المحدث محمد ناصر الدين الألباني والشيخ العلامة محمد بن صالح العثيمين والإمام عبد الرحمن بن يحيى المعلمي اليماني والشيخ العلامة المحقق محب الدين الخطيب والشيخ المحدث اليمني مقبل بن هادي الوادعي رحمهم الله جميعاً.

الأعمال التي تولاها الشيخ صلاح الدين:

تولى الشيخ العديد من المناصب، وأُسندت إليه أعمال عدة، ومن ذلك:

أمين المكتبة العامة بالجامعة السلفية ب "بنارس" بالهند، إمام وخطيب بوزارة الأوقاف والشئون الإسلامية بدولة الكويت سابقاً،مدرس بالمعهد الشرعي التابع لجمعية إحياء التراث الإسلامي فرع الجهراء، مدير لجنة الإعجاز العلمي بجمعية إحياء التراث الإسلامي فرع الجهراء، رئيس لجنة البحث العلمي بجمعية إحياء التراث الإسلامي فرع الجهراء رئيس اللجنة العلمية بجمعية إحياء التراث الإسلامي فرع الجهراء، و المشرف الأعلى للجالية الناطقة بالقارة الهندية، ومدير كلية فيصل للدراسات العليا العصرية "تولسي فور – الهند، و رئيس إدارة الثانوية العامة العصرية (فضل رحمانيه انتر كالج) و المشرف على إدارة "مقبول پبلك اسكول الابتدائية و المتوسطة, و عضو مجلس الشورى لمركز أبو الكلام آزاد للتوعية الإسلامية بدلهي.

أعمال الشيخ العلمية ومؤلفاته:

المؤلفات المطبوعة فهي (1) دعوة شيخ الإسلام وأثرها في الحركات المعاصرة و موقف الخصوم منها، الطبعة الثانية دار ابن الأثير، الكويت. (2) زوابع في وجه السنة قديماً وحديثاً،، الطبعة الثانية دار ابن الأثير، الكويت، والثالثة دار عالم الكتب بالرياض. (3) المرأة بين هداية الإسلام وغواية الإعلام، الطبعة الثانية، دار إيلاف الدولية، الكويت. (4) الأستاذ أبو الحسن الندوي الوجه الآخر من كتاباته، دار غراس، الكويت. (5) سلسلة أركان الإيمان، (ستة أجزاء).(6) نظرات في صفة الغرباء. (7) آلام وآمال.

أما الكتب تحت الترتيب فهي: (1) تأريخ أهل الحديث في شبه القارة الهندية (لم يطبع). (2) الدفاع عن الحديث ورد شبهات المستشرقين (لم يطبع). (3) عوامل وحدة الأمة الإسلامية (لم يطبع). (4) مدارسنا مهددة من داخلها (لم يطبع). (5) التسامح الاسلامي بين حقائق التاريخ و تشويه الخصوم (6) مجموعة المقالات (7) أهل الحديث في القارة الهندية، و صلتهم بالبلاد الاسلامية (مع الشيخ عارف جاويد).

تحقيقات الشيخ صلاح الدين هي:(1) مسألة العلو والنزول، لابن طاهر، مكتبة ابن تيمية، الكويت. (2) مختصر المؤمل في الرد إلى الأمر الأول، لابن شامة، مكتبة الصحوة، والطبعة الثانية دار غراس، الكويت. (3) إرشاد النقاد، للأمير الصنعاني، الدار السلفية، الكويت. (4) تحفة الأنام، لمحمد حياة السندي، مكتبة المعلا، والطبعة الثانية دار غراس، الكويت (5) المتواري في تراجم البخاري، لابن المنير الإسكندراني، مكتبة المعلا. (6) الإمتاع بالأربعين المتباينة بشرط السماع، لابن حجر العسقلاني، الدار السلفية، الكويت. (7) الزهر النضر في حال الخضر لابن حجر العسقلاني (8) الحميّة الإسلاميّة، للسرمريّ،

وقصيدة اليافعي في الدفاع عن شيخ الإسلام، نيو دهلي – الهند، والطبعة الثانية، دار غراس، الكويت. (9) تحفة المودود بأحكام المولود لابن القيم، مع الآخرين، دار إيلاف الدولية، الكويت. (10) نقض "قواعد علوم الحديث"، لأبي محمد بديع الدين الراشدي، دار غراس، الكويت.(11) جامع البيان في تفسير القرآن، للإيجي/ الغزنوي، دار غراس، الكويت. (12) الطوام المرعشة في تحريفات أهل الرأي المدهشة، دار غراس، الكويت (13) أطواق الحمامة في حمل الصحابة على السلامة.

أما التعريبات في: (1) موقف الجماعة الإسلامية من الحديث لمحمد إسماعيل السلفي، الدار السلفية، الكويت. (2)) *نظرة في مذهب أهل الحديث، لأبي القاسم البنارسي* (3) مذهب الإمام البخاري في صحيحه، لمحمد إسماعيل السلفي، دار غراس، الكويت.

مؤلفاته في اللغة الأردية:(1) مسدس شاهراه دعوت (2) قصائد الوداع (3) كويت پر عراقى مظالم: مشاهدات كے آئينه ميں (4) پاكيزه شاعرى: اہميت اور ضرورت (5) محاسن اسلام (6) استاذ گرامى ڈاكٹر مقتدى حسن ازہرى رحمه الله (7) لو اپنے دام ميں صياد آگيا (نقد و تبصره) (8) استاذ گرامى مولانا عبد الحميد رحمانى (منظوم) (9) استاذ گرامى مولانا عبد السلام رحمانى (منظوم)

تحت الطبع في (1) انديشے اور اميديں (2) صنف نازك: اسلام كى رہنمائى اور پروپيگنڈه كى گمراہى كے درميان

(3) مجموعه مقالات

هذا و قد قدّم الشيخ لكُتب عديدة، ونُشرت له مقالات كثيرة في مواضيع مختلفة باللغتين العربية والأُردية، و كتب تراجم لبعض أهل العلم المعاصرين اعترافاً منه بفضل هؤلاء الأعلام الذين ساهموا في نشر العقيدة السلفية.

و هو رئيس اللجنة الاستشارية لمجلة "أمتي" (إحدى أشهر المجلات الشهرية في العالم الإسلامي, الصادرة من دار غراس، بدولة الكويت) ، كذلك هو المدير المسئول لمجلة "ترجمان جديد" الأردية نِصف الشهرية الِصادرة من نيو دلهي.

بزغ نبوغ الشيخ صلاح الدين مقبول أحمد في الأدب و قرض الشعر و هو كان طالبا في المتوسطة. مرة قام بإلقاء قصيدة شعرية من إنشائه في إحدى الإجتماعات الدينية وكان من الحضور الشاعر الأديب الشيخ عبد الحميد حامد الأنصاري الملقب بأنجم و كان عريف الاجتماع وبعد أن فرغ الشيخ صلاح الدين مقبول – حفظه الله من إلقاء قصيدته، علق عليها الشيخ عبد الحميد أنجم قائلا: "هذا إن استمر في إنشاء الشعر وإلقائه سيكون إقبال عصره".

فضل الرحمن عباس

ریاض – سعودی عرب

انہماک اور ترکیز

جن لوگوں کا بچپن کھیت کھلیان، باغ باغیچہ، ندی نالے اور جھاڑیوں کے ارد گرد کھیل کود میں گذرا ہوگا اور وہ لوگ جنھوں نے بچپن میں گؤ ماتا، بھینس خالہ اور بکری پھوپھو کے آگے پیچھے بھاگ دوڑ کی ہوگی، ان تمام لوگوں کو بخوبی علم ہوگا – **اگر** نہیں تو کچھ دیر میں ہو جائے گا- کہ کھیل کود کے دوران ہمارے ہاتھ پاؤں اکثر و بیشتر ہلکے پھلکے زخمی ہو جایا کرتے تھے، کھروچیں لگ جاتی تھیں، پتھر سے ناخون **ٹوٹ** جاتے تھے اور برساتی پانی میں دوڑ دوڑ کر مچھلی شکار کرنے سے جا بجا پھوڑے پھنسی بھی نکل آتے تھے، اس نوع کے تمام زخم، کھروچ اور چبھن اکثر ہمیں **حاصل ہوا** کرتے تھے، لیکن ہماری استقامت کیا مجال کی کبھی متزلزل ہوئی ہو، ہم پر کبھی خوف و ہراس کا بسیرا ہوا ہو یا کبھی یاس و قنوط ہمارے پاس بھٹکے ہوں، اس وقت کا عالم یہ تھا کہ ان زخموں، کھروچوں اور پھوڑوں سے ہم سیدھے منھ بات تک نہیں کرتے تھے، ان کو ہم کسی خاطر میں لاتے تھے نہ ھی ہمارے والدین، بہت ہوا تو اک چٹکی دھول ڈال کر پھونک ماری اور اپنے مشن پر چلتے بنے، کیسا مشن؟ کاہے کا مشن؟ کچھ پتہ نہیں، سب گول مال ہے۔

لیکن ان زخموں میں، کمبخت کچھ ایسے زخم ہوا کرتے تھے جنکا اپنا خاص رنگ، روغن اور مزہ ہوتا تھا جو اوروں سے بالکل جدا اور نرالا، یہ وہ تھے جن پر دھول ڈالتے ڈالتے اور پھونک مارتے مارتے **ہم** تھک جاتے تھے تب کہیں جاکر وہ سوکھتے تھے، **اور** جوں تھوڑی سی امید بندھتی کہ اب ٹھیک ہوگئے ہیں اور سوکھ گئے ہیں، اسی **دم** کپڑے یا کسی اور چیز کی معمولی رگڑ سے ان میں جان آجاتی تھی اور کھجلانا شروع، یوں **ہماری** امیدوں پر پانی پھر جاتا، ان زخموں کا سوکھ جانا، ختم ہوجانا اور پھر دم بھر میں ہلکی رگڑ سے از سرے نو زندہ ہوجانا اور کلبلاٹ سے سرور و شیریں الم کی اک عجیب و غریب کیفیت تخلیق کرنا، کیا اسی طرح کے عمل کو " تخرج الحی من المیت و تخرج المیت من الحی" **سے** تعبیر کرتے ہیں؟ آپ کو کیا لگتا ہے؟ ، مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آرہا۔

کچھ سمجھ میں آئے نہ آئے، پر اتنا ضرور پتہ ہے کہ رگڑ لگتے وقت جو لطیف قسم کی کھجلی اور کلبلاہٹ مچتی تھی، اللہ قسم، اسکی میرے پاس کوئی جامع مانع تعریف ہے نہ تعبیر – کسی کے پاس ہو تو براہ کرم آگاہ کریں- ہاں اتنا ضرور کہ سکتا ہوں کہ اس وقت حسین درد اور لذت کا ملا جلا اک ایسا سرور ہوتا ہے کہ پھوڑے کو کھجلائے اور سہلائے ہی بنے-

لطف کی بات تو یہ ہے کہ جب اس کیفیت یعنی "کلبلاہٹ " کا ورود مسعود ہوتا تھا، تو کھجلانے والے کی حالت، ابرو، ناک اور ہونٹ کے بدلتے زاویے قابل دید ہوتے تھے، دنیا وما فیھا سے بے خبر ، مکمل توجہ اسی ایک پھوڑے کی کلبلاہٹ کو سہلانے اور اسے تسکین پہچانے پر مرکوز ہوجاتی تھی-

لوگوں کے کھجلانے کے اپنے جدا انداز ہوتے ہیں،کچھ لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ جب کوئی اہم اور مہتم بالشان کام انجام دے رہے ہوتے ہیں تو انکا منھ مسلسل وا رہتا ہے، ایسی عادت کے لوگ جب کھجلانے یا سہلانے بیٹھتے تھے تو مشن میں کثرت انہماک کے باعث انکی رال لامحالہ ٹپک جایا کرتی تھی، اب اسکے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جسکا منھ بہی کھلا ہو اور سامنے نیچے کے دانت بھی غائب ہوں-

بچپن میں کچھ لوگوں کی ناک رواں دریا ہوتی ہے، اسکی موجوں میں اتنی طغیانی ہوتی ہے کہ اللہ کی پناہ، پاس بیٹھ جاؤ تو صرف "سٹ سٹ" کی آواز آتی ہے، بس ایسے ہی جیسے آجکل "بابا جی" کے پاس بیٹھ جاؤ تو صرف کتے کے ہانپنے کی آواز سنائی دیتی ہے، جب ایسے لوگوں کے یہاں رگڑ پیدا ہوتی تھی اور نتیجہ میں "کلبلاہٹ" کی گھنٹی بجتی تھی ، تو وہ لوگ دوب گھاس کی مدد سے ہولے ہولے کھجلانا شروع کرتے تھے اور رفتہ رفتہ اس عمل میں اس قدر غرق اور منہمک ہوجاتے تھے کہ انھیں اپنی ناک تک کی خبر نہیں ہوتی تھی، پھوڑا سہلائے جارہے ہیں اور ناک لٹکتی جارہی ہے، سہلائے جارہے ہیں لٹکتی جارہی ہے، اب ٹپکی کہ تب ٹپکی، کہ اچانک "سٹ" کی آواز آئی اور چشم زدن میں لڑی دیکھنے والے کی آنکھوں سے اوجھل، ایک آدھ سیکنڈ میں لٹکنے کا وہی عمل دوبارہ شروع ہوجاتا تھا، ہاں کبھی کبھی بروقت سانس واپس کھینچنے میں تاخیر ہوجاتی تھی تو پوری لڑی کی عمارت آنکھوں کے سامنے دھم سے زمیں بوس ہوجاتی تھی-

مذکورہ کھجلاہٹ کے وقت طاری کیفیت سے کچھ ملے نہ ملے، درس کا ایک پہلو ضرور نکلتا ہے، آپ کھجلاہٹ اور کھجلانے والے کی ناز و ادا پر نہ جائیں، آپ اس کے

انہماک اور ترکیز کو محسوس کریں، ناک سے "سٹ" کی آواز آرہی ہے، ناک جاری ہے اور رال ٹپک رہی ہے، پر کسی کی پرواہ نہیں کھجلائے جا رہا ہے، سہلائے جا رہا ہے۔

سچ پوچھو تو کامیابی و کامرانی کے لئے اسی قسم کی رغبت، لاگ لگاؤ،انہماک اور ترکیز مطلوب ہے، کسی کام کے کرتے وقت ہمارے اندر اگر ایسی کیفیت پیدا ہو جائے اور کام سے ہمیں لطف آنے لگے تو یقین جانیں – ان شاء اللہ- کامیابی آپ کے قدموں میں ہے۔

مولانا ابو الکلام آزاد کے تعلیمی خیالات

ڈاکٹر عزیز احمد خان

مولانا ابو الکلام آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم تھے۔ وہ ایک مشہور ادیب، ماہر تعلیم، سیاستداں اور مصلح تھے۔ وہ ہندوستان سے پسماندگی کو دور کرنے کے لئے تعلیم کی ایک ایسی طرح نو ڈالنا چاہتے تھے جس سے نفسیاتی وحدت اور مشترکہ شہریت کے خوابیدہ احساسات بیدار ہو جائیں اور اسی سبب سے وہ دینی اور دنیاوی دونوں قسم کی تعلیم کے طرفداد تھے ۔ مولانا آزاد کا خیال تھا کہ دنیاوی تعلیم سے جہاں نئی راہیں ہموار ہوتی ہیں وہیں مذہبی تعلیم کے ذریعے عوام کے دل و دماغ میں رواداری اور وسیع النظری کے جوہر پیداہوتے ہیں۔ علم و دانش کے عرفان و آگہی کے لئے مولانا آزاد نے مشرق و مغرب کے سر چشموں سے استفادہ کرنے کی جس طرح پرزور حمایت کی تھی وہ اس قدر واضح اور مربوط الفاظ میں ہے کہ کوئی بھی ذی علم ان کے تعلیمی خیالات سے چشم پوشی نہیں کرسکتا۔ امام علم وفن اور وزیر تعلیم کی حیثیت سے انہوں نے جو تعلیمی پیغامات دیے ہیں اور جس بے باکی سے دیے ہیں ان کسی ایک مضمون میں پوری طرح ادا نہیں کیا جا سکتا۔

مولانا آزاد کے ساتھ ہم نے جیسا رویہ اپنا رکھا تھا وہ بھی کم قابل افسوس نہیں ہے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے ایک جگہ لکھا ہے کہ اردو زبان میں کوئی ایسی گالی نہیں تھی جو انھیں نہ دی گئی ہو، علی گڑھ ریلوے اسٹیشن پر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے طلبا نے ٹرین روک کر ان کے ساتھ جس قسم کی بدسلوکی اور بدتمیزی کی تھی، اس سے تو سبھی واقف ہیں ۔ شبلی نے خواہ

انہیں عجائبات روزگار دماغ والا، کہا ہو، محمد علی جوہر نے انھیں ہندوستان میں گم شدہ اسلام کو دریافت کرنے والا عربی ذہانت اور عجمی فطانت کا شہ پارہ بتایا ہو یا رشید احمد صدیقی نےانھیں علی گڑھ کا دوسرا سرسید قرار دیا ہو لیکن حق تو یہ ہے کہ ہم نے ان کا حق ادا نہیں کیا۔ ہم نے ان کی فکر و فرزانگی سے فیض حاصل نہیں کیا اور ان کے انتقال کے بعد جو ذمہ داریاں ہم پر عائد ہوئی تھیں انھیں بھی ہم پورا کرنے سے قاصر ہی رہے۔ مولانا ابو الکلام آزاد 15جنوری 1947کو وزیر تعلیم بنائے گئے۔ وزیر تعلیم کی حیثیت سے انہوں نے جو اقدام کئے وہ غیر معمولی تھے۔ اس زمانے میں جبکہ ملک کی حالت دگر گوں تھی، کسی بھی قسم کے تعلیمی نظام کونافذ کرنا آسان نہیں تھا۔ ہر سمت سے مخالفت کے بھنور قدموں سے لپٹے تھے۔ ہندوستان کی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرس کی میٹنگ میں نومبر 1951کو تقریر کرتے ہوئے انہوں نے زراعتی تعلیم کو فروغ دینے کی بات کی تھی اور یہ شکایت بھی کی تھی کی ہندوستان میں زراعت اور صنعت میں معقول توازن نہیں ہے، جس کا بہت گہرا اثر ہماری معاشی زندگی پر پڑتا ہے ہمیں زراعتی تعلیم کو فروغ دے کر زمینی پیداوار میں اضافہ کرنے کی سبیل ڈھونڈنی چاہئے تاکہ ہم پیداوار کی کمی سے دوچار نہ ہوں۔ مولانا آزاد مشرق ومغرب کے تعلیمی طریقہ کار کو ہم آہنگ کر کے ایک نئے قسم کے طریقہ تعلیم کو فروغ دینا چاہتے تھے، تاکہ ملک کے باشندے ترقی کی نئی منزلوں پر پہنچ سکیں۔ بغور دیکھیں تو مولانا آزاد محض تعلیم کے جدید طریقہ کار کے حامی نہیں تھے بلکہ دینی، علوم مشرقی اور جدید مغربی تعلیم کے ارتباط سے ملک کے طالب علموں کی تربیت کرنا چاہتے تھے۔ وہ تعلیم کو جس قدر لڑکوں کے لئے ضروری خیال کرتے تھے اسی قدر لڑکیوں

کی تعلیم کے بارے میں بھی فکرمند تھے۔ ان کا خیال یہ تھا کہ لڑکیوں کی تعلیم سے پوری نسل کی تربیت ہوتی ہے اسی طرح مولانا آزاد تعلیم بالغان (Adult Education) کے بھی خواہش مند تھے۔ مولانا آزاد سائنس اور ٹکنالوجی کو بھی وقت کی اہم ضرورت خیال کرتے تھے اس لئے 16اکتوبر 1951کو انہوں نے دارالعلوم دیوبند کے استاد قاری طیب سے کہا تھا کہ '' سائنس اور ٹکنالوجی ، فلسفہ ، سماجی علوم ومعاشیت میں ترقیاں ہو رہی ہیں انہیں بھی آپ اپنے نصاب میں شامل کریں تاکہ دینی و دنیاوی فکر کا سنگم ہو جائے''۔

ترقی پسند تحریک ایک جدمسلسل

سعید اختر انصاری
ریسرچ اسکالر، شعبۂ اردو
دہلی یونیور سٹی

اردو زبان وادب میں ترقی پسند تحریک کا باقاعدہ آغاز یوں تو 1936 میں لکھنؤ کے رفاہ عام کلب کے میدان میں منعقد اس کی پہلی کانفرنس سے ہوتا ہے۔ لیکن ترقی پسند رجحان یا احساس وشعور تو اردو زبان وادب میں بہت پہلے سے ہی پائے جاتے رہے ہیں۔ مثلاً

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے
(ولیؔ)
نہ رکھ میر ربط ان امیروں سے تو
ہوئے ہیں فقیر ان کی دولت سے ہم
(میرؔ)
لکھتے رہے جنوں کی حکایت خونچکا
ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے
(غالبؔ)
خنجر کہیں چلے پر تڑپتے ہیں ہم امیرؔ
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے
(امیرؔ مینائی)

اردو زبان وادب کا مطالعہ کرنے پر معلوم ہوتاہے کہ ولیؔ،میرؔ، غالبؔ اور امیرؔ مینائی کے علاوہ ہمارے دوسرے بزرگ شاعر وادیب اقبالؔ، سرسید، حالیؔ، شبلیؔ اور اکبرؔ باوجود اپنے تمام تضادات، ذہنی کش مکش اورالجھاؤ کے کہیں نہ کہیں اردو ادب میں ترقی پسند فکری رویے کو فروغ دیتے رہے ہیں۔ ان بزرگوں کے علاوہ اور بھی بہت سے فن کار ہیں جوا یمائی اور استعاراتی انداز میں ترقی پسند ادب کی تخلیق

کرتے رہے ہیں اور کبھی پوشیدہ تو کبھی اعلانیہ طورپر ظلم وجبر کے خلاف آواز بھی بلند کرتے رہے ہیں۔

تاریخ شاہد ہے کہ ترقی پسند فن کاروں کی تحریروں سے ہمیشہ انقلاب رونما ہوئے ہیں۔ سماج ومعا شرے سے برائیوں کا خاتمہ ہواہے اور بنی نوع انسان کو اپنے حقوق کو سمجھنے کاشعور پیدا ہواہے۔ اس تحریک کے اثرات اتنے ہمہ جہت ہیں کہ شعری اصناف کے علاوہ نثری اصناف پر بھی اس نے اپنے گھرے نقوش مرتب کئے ہیں جس میں ہمارا افسانوی ادب کچھ زیادہ ہی متاثر نظرآتاہے جس کے مختلف اسباب ہوسکتے ہیں۔

ترقی پسند تحریک بیسویں صدی میں اردو زبان وادب کی ایک ایسی بااثر، بڑی اور متحرک تحریک ہے جس کی بازگشت اردو افسانے میں نہ صرف ابتدا (یعنی پریم چند کے سماجی واصلاحی افسانوں) سے سنائی دیتی ہے بلکہ عہد حاضر میں بھی جس نوعیت کی کہانیاں لکھی جارہی ہیں اس میں بھی اس کا عکس موجود ہے۔ کیوں کہ آج کے افسانوں میں نہ صرف کہانی پن کی واپسی ہوئی ہے بلکہ ترقی پسند فن کاروں کی طرح موجودہ عہد کے افسانہ نگاروں کا بھی ماننا ہے کہ افسانہ محض لطف وانبساط کا ذریعہ یا دل بہلاوے کی چیز نہیں بلکہ زندگی کا ترجمان ہے۔ اس لیے اگر کوئی کہانی زندگی کا مرقع نہیں یا زندگی کو سمجھنے میں ہماری مدد نہیں کرتی تو خواہ وہ کتنا ہی دل چسپ اور فن وتکنیک کے لحاظ سے پختہ ہو ہمارے لیے کار آمد نہیں ہوسکتی۔

چنانچہ عہد حاضر کے افسانہ نگاروں نے اردو افسانے کو نہ صرف حقیقت پسندی کی طرف مائل کیا بلکہ بڑی فن کاری اورچابک دستی سے اس صنف اظہا رکو مقصد یت کا آلہ کار بنانے کی سعی بھی کی۔ دور حاضر کے افسانہ نگاروں نے جس طرح اپنے عہد کے دکھ درد، پریشانیاں، نارسائیاں، طبقاتی تضاد، ذہنی کش مکش، جنسی کجروی، ریا کاری، ظاہر داری وغیرہ کو براہ راست اردو افسانے کا موضوع بنایا ہے وہ ترقی پسند فکری نظریے ہی کی غمازی کرتاہے۔ مثلاً انور قمر موجودہ عہد کے ایک ایسے افسانہ نگار ہیں جنہوں نے افغانستان میں روس کے ذریعہ پھیلائے گئے سیاسی بحران، شکست وریخت کی زندگی کے ساتھ ساتھ بدلتی ہوئی سیاسی وسماجی صورت حال اوراس کے مسائل کو خصوصاً نچلے طبقوں کی زبوں حالی، محرومی اور معاشرے میں پھیلی بد اعمالیوں اور اخلاقی زوال کو جس انداز میں اپنے افسانوں کا موضوع بنایا ہے اس سے ان کے ترقی پسند نظریے اور سماجی شعور کا پتہ چلتا ہے۔ انور قمر زندگی کو جس رنگ وروپ میں دیکھتے ہیں اسے من وعن پیش کردیتے ہیں۔ وہ ترقی پسند وں ہی کی طرح افسانے کو زندگی کے حقائق سے الگ نہیں خیال کرتے ہیں ۔ اپنے افسانوں سے متعلق خود ان

کی رائے ملاحظہ فر مائیں:

''سیاسی، معاشی اورمذہبی مفادات کی وجہ سے انسانی فکر پر جو پہرے بٹھائے جاتے ہیں میں نے ان سے بغاوت کی ہے۔ اسی لیے میری تحریر میں بہلاوے کی مٹھاس کم ہے، اور حقیقت کی تلخی قدرے زیادہ۔چوں کہ ہمارا معاشرہ بیمار معاشرہ ہے اس لیے ممکن ہے کہ میرے افسانے چٹخارہ پیدا نہ کریں، لیکن مجھے امید ہے کہ میڈیسنل ڈوز ثابت ہوں گے۔'' 1

اپنے افسانوں سے متعلق انور قمر کی یہ رائے حقیقت سے دور نہیں کیوں کہ ان کی تخلیقات میں مٹھاس کم، تلخی، جھنجھلاہٹ اوراحتجاج کی آمیزش زیادہ ملتی ہے جو ترقی پسند افسانے کی ایک بڑی خوبی ہے۔

اس عہد کے ایک اور مشہور افسانہ نگار شفق بھی انور قمر کی طرح ترقی پسند ی کے حصار سے خود کو آزاد نہ کر سکے ۔ اور پریم چند کے افسانہ ''کفن'' جسے ترقی پسندوں کے لیے ٹرننگ پوائنٹ کہا گیاہے سے متاثر ہوکر ''دوسرا کفن'' نام سے ایک افسانہ لکھ ڈالا۔ جو موضوع، مواد، کردار، پلاٹ ہر لحاظ سے پریم چند کے افسانہ ']کفن'' سے مماثلت رکھتاہے۔ اقتباس غورفرمائیں:

''ہاں مکھیا جی صرف قانون بنانے سے نہ سماجک نیائے ملے گا نہ سماجک پریورتن ہوگا۔ ایک بھار ی بھر کم آواز سنائی دی، آزادی ملے پچاس برس گذر گئے مگر پچھڑے لوگوں کی حالت میں کوئی سدھار نہیں ہوا۔ آج کی گھٹنا نے مجھے لرزادیا ہے۔ آج ہماری ایک بہن اس لیے مرگئی کہ اسے دوا نہ مل سکی۔ اس کے گھروالوں کے پیٹ میں نہ دانہ ہے نہ وستر، میں پرتگیاں کرتاہوں کہ اگر آپ لوگوں نے ہمیں جن آدیش دیا تو ہم سماجک پریورتن کو کتابوں سے نکال کر سب کے درمیان لائیں گے۔ میں اپنی پارٹی کی طرف سے ان بد نصیب لوگوں کو دس ہزار روپئے دینے کا اعلان کر تاہوں۔ زور کی تالیاں بجیں اور فوٹو گرافران کی اور ان کی جھوپڑی کی تصویر لے رہے تھے۔'' 2

شفق کا یہ افسانہ ترقی پسندنظریۂ ادب کا حامل ہے۔ کیوں کہ ترقی پسندوں کی طرح شفق نے اس افسانے میں دلت وپس ماندہ طبقے کے مسائل کو اٹھایاہے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی دکھانے کی کوشش کی ہے کہ ہمارے سیاسی رہنما کس طرح ان کی فلاح وبہبود کے جھوٹے وعدے کرتے ہیں۔ انہیں ان کی برسوں سے چلی آرہی خستہ حالی اور لوگوں کے ذریعہ ہورہے استحصال کی کوئی فکر نہیں ۔ کیوں کہ ان کے یہاں جب کوئی ''بدھیا'' جیسی غریب اورنیک خصلت عورت دوا داروکے بغیرمرتی ہے تو یہ رہنما وہاں بھی اپنی گندی سیاست اور گندی ذہنیت کے سہارے صرف ووٹ بینک کے

لیے ان سے اپنی ہمدردی جتاتے ہیں۔ شفق کے اس افسانے کے پلاٹ کاانداز راست بیانیہ کا ہے۔ اس میں ابہام اور پے چیدگی کو متلق دخل نہیں ہے۔ اس لیے فکری وفنی دونوں لحاظ سے یہ افسانہ ترقی پسند نظریۂ ادب کی نمائندگی کرتاہے۔ ابن کنول بھی اس عہد کے ایک ایسے نمائندہ افسانہ نگارہیں جن کے یہاں ترقی پسندرجحان جا بجا نظرآتے ہیں۔ داستانی اسلوب کے باوجود ان کی کہانیاں نہ صرف حقیقت نگاری پر مبنی ہوتی ہیں بلکہ ان میں ہمارے سماج ومعاشرے کی سچی تصویر کشی پائی جاتی ہے ۔ افسانہ ''فورتھ کلاس'' ابن کنول کا ایک مشہور افسانہ ہے جس میں انہوں نے ایک ادنیٰ مزدور کی ذہنی وجذباتی کش مکش کو بڑے ہی موثر انداز میں پیش کر کے سماجی ناہموری یا عدم مساوات کی پوری حقیقت ہمارے سامنے عیاں کری دی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک ادنیٰ مزدورایک عالی شان ہوٹل کی کئی منزلہ عمارت اور اس کے بناؤ سنگار کو دیکھ کر سوچتا ہے کہ اس کی تعمیر وتشکیل میں اس کا بھی خون پسینہ شامل ہے۔ کیوں کہ اس جاذب نظر عمارت کوپایہ تکمیل تک پہنچانے میں اس نے بھی جی توڑ محنت ومشقت کی ہے۔ اس لیے ایک مزدور کی حیثیت سے کم از کم اس کا اتنا حق ضرور بنتا ہے کہ وہ اس عمارت سے تھوڑا بہت فائدہ اٹھائے۔ مزدور یہ سوچ کر ہوٹل میں داخل ہونا چاہتا ہے لیکن کوئی اس کی طرف دھیان نہیں دیتا ہے ۔ یہاں تک کہ اس کا مالک بھی اسے پہنچاننے سے انکار کر دیتا ہے جس سے اس کے اندر حق تلفی، مایوسی اور احساس کمتری کا جذبہ پیدا ہونے لگتاہے۔ اقتباس دیکھئے:

''میں بھی کتنا پاگل ہوں، میں بھول گیا تھا کہ مجھے کام کرنے کی مجوری ملا کرتی تھی، ہمر ے کھون پسینے کا وہی تو ماوجہ تھا۔ اب ہمرا ای ہوٹل پے کاہک ہے ۔ یہ تو اب بڑے لوگن کا ہوئی گو ہم تو فورتھ کلاس کے آدمی ہیں'' 3

اس طرح ابن کنول نے افسانہ ''فورتھ کلاس'' میں ایک ادنیٰ مزدور کی ذہنی وجذباتی کش مکش کو پیش کر کے پوری سرمایہ داری نظام کی حقیقت ہم پر واضح کر دی ہے کہ کس طرح ایک ادنیٰ مزدور دن ورات محنت ومشقت کرکے اور اپنا خون پسینہ بہا کر سرمایہ داروں یا اعلیٰ طبقوں کی زندگی میں رنگ وروغن بھرتاہے لیکن بدلے میں سوائے چند سکوں کے اسے کچھ حاصل نہیں ہوتاہے۔ دراصل ترقی پسندادیبوں کی طرح ابن کنول بھی اپنے عہد کی پے چیدگیوں، کربناکیوں، محرورمیوں او رجبروتشدد سے حراساں نہیں ہوتے، بلکہ وہ ان تمام برائیوں اور خامیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں تاکہ ان سے دائمی چھٹکا رے کی صورت پیدا کی جا سکے۔

استحصال اور جاگیردارانہ نظام کو موضوع بحث بناکر عہد حاضر کے ایک اورمشہور افسانہ نگارشوکت حیات نے بھی کچھ کہانیاں لکھی ہیں جن میں ''مادھو''

کافی اہم ہے ۔جو پریم چند کے افسانہ’’کفن‘‘ اور شفق کے ’’دوسراکفن‘‘ سے واقعات وکردار کے لحاظ سے جہاں کافی مماثلت رکھتاہے وہیں کچھ معاملوں میں ان سے جدا گانہ بھی نظرآتاہے۔ خاص کر پریم چند کے افسانہ ’’کفن‘‘ کے مادھو اور گھیسو جاگیر داروں اور ساہو کاروں کے ظلم وبربریت کا شکار ہونے پر کراہتے ضرورہیں لیکن ان میں اتنی طاقت نہیں ہوتی کہ وہ اس ظلم وزیادتی کے خلاف آواز بلند کرسکیں جب کہ شوکت حیات کا مادھو اس ظلم وبربریت کے خلاف نہ صرف آواز اٹھاتا ہے بلکہ عملی جدوجہد کے لیے بھی کمر بستہ نظرآتاہے۔ شوکت حیات نے اس افسانے میں ایک طرف جہاں استحصال کی کیفیت کو واضح کیاہے وہیں دوسری جانب اس بات کا بھی احساس دلایا ہے کہ آج کا مادھو استحصال کے خلاف مسلسل جدوجہد کر کے آگے بڑھ سکتاہے۔ یہ اور بات ہے کہ ہر جگہ استحصال کر نے والے کتے بھونکتے نظرآتے ہیں ۔لیکن مادھو اس سے ہراساں نہیں ہے۔ دراصل شوکت حیات کے مادھو کی زندگی کے حالات وہی ہیں جو پریم چند کے مادھو کے تھے، لیکن آج کچھ ایسی انقلابی اور حوصلہ افزا قوتیں انسانی ذہن ودماغ میں نمو پاچکی ہیں کہ اب وہ بھونکتے کتوں سے خوف نہیں کھاتا ہے بلکہ ان کے بھونکنے کے عمل کو خاموشی میں تبدیل کرنے کی فکر میں رہتا ہے۔ ایسا ممکن ہویا نہ ہو مگر یہ افسانہ ہمیں یہی تعلیم دیتاہے جو ترقی پسند تحریک کا ایک خاص وصف ہے۔

اس افسانے میں جاگیردارانہ ماحول کے پروردہ مادھو اورآج کے مادھو کے شخصی امتیاز کو بھی نمایاں کیا گیاہے۔ ابتدا سے ہی پریم چند کے رنگ میں رنگی یہ کہانی اچانک انجام کے قریب پہنچ کرقاری کو ایک نئے زاویۂ نظراور نئے زاویۂ حیات کے ساتھ کہانی کی قرأت کے لیے مجبور کردیتی ہے۔ اس افسانے میں شوکت حیات نے ترقی پسندوں کی طرح مادھو کو صدیوں سے ایک ایسے دبے کچلے طبقے کے فرد کی علامت کے طورپر پیش کیاہے، جو معاشرے کے تسلیم شدہ نظام اور اس کے آلۂ کار وں کو اپنے ہی جیسے ایک مظلوم کردارجلیل نداف کی مددسے شکست سے دوچار کرتاہے۔ کتوں کے بھونکنے کی آوازیں، مغرب کی اذان کی آواز، مادھو کی پراسرارومعنی خیز مسکراہٹ اورا س کا جنگل کی طرف کوچ کرجانا، یہ ساری غیر مربوط اور غیر واضح تصویر یں قاری وناقد کی سوچ کو گذشتہ دہائیوں کی سیاسی، سماجی، معاشی اور تہذیبی تبدیلیوں کی جانب خود بہ خود منتقل کردیتی ہیں۔ اس طرح شوکت حیات کا یہ افسانہ بھی ترقی پسند نظریۂ ادب کی ہی نمائندگی کرتاہے۔

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ ترقی پسند نظریہ ہمیشہ اردو زبان وادب میں پایا جاتا رہا ہے۔ بھلے ہی اس کی لو کبھی بہت تیز تو کبھی مدھم رہی ہو۔ لیکن ہمیشہ اس تحریک نے ایسے باشعور،خرد مند اور خود شناس فن کار پیدا کئے ہیں جنھوں نے ہمہ وقت انسانوں کے بنیادی اور جمہوری حقوق کی لڑائی لڑی اور سرمایہ داروں کے ظلم

وجبر کے خلاف بھر پور جدوجہد کی۔ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے اور آئندہ بھی جاری رہے گا ۔ بقول عصمت چغتائی:

’’جب دنیا کے پہلے انسان نے ناانصافی، حق تلفی، بے ایمانی، استحصال، نابرابری اور ظلم وغلامی کی لعنت سے گھبراکر آہ بھری تھی، ترقی پسند تحریک کی بنیاد پڑ گئی تھی۔ اور جب تک کرۂ ارض پر ترقی کے امکانات موجود ہیں ترقی پسندی زندہ رہے گی۔ جب تک بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو نگلتی رہے گی ترقی پسندی زندہ رہے گی۔‘‘ 4

حواشی

1۔ انور قمر: قلب چاندنی کے سپرد، جون 1978، ص 62

2۔ شفق: وراثت، دہلی ایجو کیشنل پبلشنگ ہاؤس ص 32

3۔ ابن کنول: تیسری دنیا کے لوگ (افسانوی مجموعہ) جمال پرنٹنگ پریس دہلی، 1985، ص 114

4۔ عصمت چغتائی : بحوالہ علی احمد فاطمی، مباحثہ پٹنہ، جلد 3، شمارہ 10، فروری-مارچ 2003،ص39

فرحت احساس: آئندہ کی خبر رکھنے والا شاعر

گلزار احمد گنائی
ریسرچ اسکالرشعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی

1980ء کے بعد اب تک جن نئے شعرا نے مخصوص تخلیقی رویے اور منفرد لسانی برتاؤ کی بنیاد پر خود کو اپنے پیش روؤں سے الگ اور ممتاز شناخت کے حوالے سے متعارف کرایا ہے ان میں ایک اہم نام فرحت احساس کا بھی ہے۔ فرحت احساس کی فکری سرگرمیوں کے دو خاص میدان ہیں جن میں ایک شاعری کا میدان ہے اور دوسرا صحافت کا۔ فرحت احساس پیشے کے لحاظ سے صحافی ہیں۔

فرحت احساس کا اب تک صرف ایک شعری مجموعہ ''میں رونا چاہتا ہوں'' کے نام سے منظر عام پر آیا ہے جس کا پہلا ایڈیشن 2003ء میں ساہتیہ اکادمی نے شائع کیا ہے۔ اس شعری مجموعے میں غزلوں کے علاوہ گیت اور نظمیں بھی شامل ہیں نظموں کے موضوعات کافی دلچسپ اور منفرد ہیں ان نظموں میں موضوعات کا تنوع ملتا ہے جن میں ''کوزہ گر''، ''جینے کی خوشبو''، ''بازیافت''، ''سمندر''، ''وطن کو لوٹنا محال ہے''، ''سانپ''، ''اشاعت''، ''چہرہ زخم''، ''واعظ''، ''شادی شدہ شہر''، ''پیلا کتا''، ''خدا کا کنوارا''، ''ادارہ''، ''تولیہ اور گھر''، ''غسل''، ''مرے ماسوا''، ''بدن بانسری''، ''اداسی کا نور''، ''بے گواہ دکھ''، ''گناہوں کا دھند اور قحط اور عاشق قابل ذکر ہیں۔ یہ سب موضوعات ایسے ہیں جو زندگی کے عام کاروبار کی سطح سے تعلق رکھتے ہیں ان سبھی نظموں میں تجربہ اور احساس ایک دوسرے سے باہم مربوط نظر آتے ہیں۔ ان نظموں میں جو زبان فرحت احساس نے استعمال کی ہے وہ عام فہم اور بالکل رواں ہے۔ جذبات سے لبریز ان نظموں میں گہرائی اور اسرار کے عنصر کی کارفرمائی بھی ملتی ہے۔ ان نظموں میں ہمیں معاشرے کی شکست اور پست ہوتی ہوئی قدروں پر ایک طرح کا تیکھا وار اور طنز بھی ملتا ہے یہ نظمیں قاری کو بہ یک جنبش چونکاتی یا حیرت میں نہیں ڈالتیں بلکہ آہستہ چڑھتے نشے کی طرح گرفت میں لینے کی طاقت رکھتی ہیں۔ مثلاً ان کی نظم ''معمول''؛

میں بھی
بادشاہ کی حکومت کا
منکر ہوں
لیکن جینے کی آرزو میں
روز اس کی چوکھٹ پر
سورج سا ابھرتا ہوں
شام سا ڈوبتا ہوں
گھر میں
اعلان بغاوت کے طور پر
بیوی بچوں کو مارتا ہوں
رات رات جاگتا ہوں

فرحت احساس بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں اور غزل جیسا کہ ہمیں معلوم ہے روایات اور اجتہادات کے تمام تر مرحلوں سے ہو کر اپنی آج کی جدید صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے نیز یہ معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیوں سے دوچار سامنے آنے والی وہ صنف ہے جو اردو شاعری کے لسانی، معنیاتی اور جمالیاتی نظام کے امکانات میں توسیع کا سبب بھی بنی ہے۔ چنانچہ فرحت احساس کی شاعری کا مطالعہ کرتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ فرحت احساس اردو شاعری کی مضبوط و مستحکم روایت پر اپنی شعری اساس رکھتے ہیں فرحت احساس کی شاعری سوچ اور فکر کو تخلیقی تجربہ کے بطور شعر میں پیش کرنے کی ہنر مندی کے سبب جدید ترین لسانی برتاؤ، معنوی پہلوداری اور فنی و جمالیاتی رویوں کا جواز پیش کرنے والی شاعری ہے۔ پاکستان کے نامور شاعر ظفر اقبال اپنے ایک مضمون ''بھارت سے عمدہ شاعری'' میں فرحت کی شاعری پر تبصرہ کرتے لکھتے ہیں:

پہلے تو بھارتی شعرا پاکستانی شعرا کی طرف دیکھتے تھے کہ وہ کہاں تک پہنچے ہیں لیکن فرحت احساس کی اس کتاب کی اشاعت کے بعد پاکستانی شعرا کو بھی بھارتی شاعری پر ایک نظر ڈالنے کی ضرورت پیش آگئی ہے کہ کئی لحاظ سے اگر یہ پاکستانی غزل سے آگے نہیں تو پیچھے بھی نہیں ہے اس کتاب میں نظمیں بھی شامل ہیں لیکن میں فی الحال اس کی غزل کی بات کروں گا جو ہر لحاظ سے اپ ٹوڈیٹ ہے جس میں تازہ کاری کے نمونے جابجا دستیاب ہیں

مجھے حیرت بھی ہے اور افسوس بھی کہ یہ شاعر اب تک میری آنکھ سے اوجھل کیوں رہا ورنہ اس کا اعتراف بہت پہلے کرچکا ہوتا۔
فرحت احساس کی شاعری فکری اور فنی ہر دو سطحوں پر بدلی ہوئی نظر آتی ہے ایسا نہیں ہے کہ فرحت احساس کی شاعری کی جڑیں اپنے عہد سے پیوست نہیں۔ شاعر اپنے زمانے کے حالات سے آگاہ ہے یہی وجہ ہے کہ فرحت کی شاعری بہ یک وقت زندگی کے نئے تقاضوں سے ہم آہنگ بھی ہے اور اپنی تہذیبی جڑوں سے پیوست بھی۔ یہ شاعری اپنے معاشرے کے مسائل سے گلو خلاصی چاہتی ہے نہ اس سے بیزاری کاد رس دیتی ہے بلکہ اس شاعری میں تہذیبی تشخص کی تلاش و جستجو ملتی ہے فرحت کی شاعری کسی نہ کسی سطح پر کلاسیکی غزل کی روایات سے وابستگی کا پتہ دیتی ہے۔ روح عصر سے ہم آہنگ ہونے کے سبب فرحت کی شاعری ایک طرح کی تازگی رکھتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں کہہ سکتے ہیں کہ فرحت کا شعری عمل غزل کے نئے مزاج کی تشکیل کے ساتھ ساتھ روایت سے بھی اپنا رشتہ استوار رکھتا ہے اور یوں فرحت کی شاعری روایت سے شعوری انحراف کی بجائے اس کی توسیع کا سبب بن جاتی ہے۔

وصال و ہجر کہ ایک اک چراغ تھے دونوں
سیاہ ہو کے رہے شب کی بے کرانی میں
پانی سے الجھتے ہوئے انسان کا یہ شور
اس پار بھی ہوگا مگر اس پار بہت ہے

فرحت احساس کی شاعری کے مطالعے کے دوران تصنع یا آورد کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔ ان کی شاعری میں جو بھی شعری صنعتیں ملتی ہیں ان میں اور لفظوں کے برتاؤ میں مہارت سے کام لیا ہے اور ان تمام شعری صنعتوں اور لفظوں کو نئے سیاق میں استعمال کیا ہے جن سے معنوی امکانات بڑھ گئے ہیں چوں کہ فرحت کی شخصیت میں استغنا اور بے نیازی موجود ہے۔ یہ استغنا اور بے نیازی فرحت کی شاعری میں بھی در آیا ہے اورہم دیکھتے ہیں کہ فرحت احساس شاعری میں خود کو بہت زیادہ ظاہر (Expose) نہیں کرتے۔

ہمیں یقین ہی نہیں تھا کسی کے ہونے کا
اس لیے اسے چھو کر بھی دیکھ لیتے تھے
مجھے دنیا کے کام آتے نہیں ہیں
سو اپنے گھر ہی کوئی کام دے دے

مابعد جدیدیت کی وضاحت پروفیسر گوپی چند نارنگ کچھ اس طرح کرتے ہیں:
جدیدیت کے بعد کا دور مابعد جدیدیت کہلائے گا، لیکن اس میں جدیدیت سے انحراف بھی شامل ہے جو ادبی بھی ہے اور آئیڈیولوجیکل بھی۔ آئیڈیولوجی سے یہاں مراد کوئی فارمولا یا کسی سیاسی پارٹی کا منصوبہ بند پروگرام نہیں بلکہ ہر طرح کی فارمولائی ادعائیت سے گریز یا تخلیقی آزادی پر اصرار یا اپنے ثقافتی تشخص پر اصرار بھی ایک نوع کی آئیڈیولوجی ہے۔ 1
یہاں پر یہ واضح ہو کہ مابعد جدیدیت کسی ایک نظریے کا نام نہیں بلکہ ایک ایسی اصطلاح ہے جس میں مختلف ذہنی رویے اور تصورات شامل ہیں مابعد جدیدیت کا تصور فنکار کو تخلیق کی پوری آزادی دیتا ہے اس میں اس بات پر بھی اصرار ملتا ہے کہ ایک لفظ کے معنی الگ الگ سطح پر مختلف ہوسکتے ہیں۔ لفظ کسی ایک معنی کا پابند ہو کر خلق نہیں کیا جاتا بلکہ قاری کو اس بات کی پوری آزادی ہے کہ وہ اپنی صواب دید کی بنا پر متن سے معنی اخذ کرسکتا ہے قاری اساس تنقید دراصل اسی بات پر زور دیتی ہے۔
فرحت احساس کی شاعری انسانی زندگی اور اس کے ماحول کے رشتوں اور رابطوں کو بالکل نئے انداز میں دیکھنے کا حوصلہ دیتی ہے اس میں معنی کی کئی سطحیں ابھرتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔
فرحت احساس کے یہاں نامانوس تصورات اور جذبوں سے تعلق قائم کرنے کی شدید لگن زندگی کو برتنے اور محسوس کرنے کے معاملے میں عام ڈگر سے ہٹ کر چلنے کی طلب پائی جاتی ہے۔ یہ شاعری کسی ضابطہ بند سوچ یا بندھے ٹکے احساس کی شاعری نہیں ہے بلکہ آوارہ گرد جذبوں، آوارہ گرد فکر، اپنی منزل کی طرف انجان، مگر بہت ہی حساس اور بے چین انسان کی شاعری ہے بقول ان کے:
میں بنیادی طور پر آوارہ گرد اور گم کردہ راہ شخص ہوں، مجھے بنی بنائی، دی ہوئی اور پہلے سے موجود چیزیں بے معنی اور بے حس معلوم ہوتی ہیں خواہ مذہب ہو یا تاریخ تہذیب ہو یا گھر اور رشتے یا پھر تصورات میں ہر چیز کو جو میرے واسطے آتی ہے پہلے سادہ عناصر میں تقسیم کر کے یعنی ان (Atomisation) کر کے اپنے کو اس کے راستے سے گزارتا ہوں اور تبھی وہ میرے شعور کا حصہ بنتی ہے۔ 2
زندگی کی پیچیدگیوں اور الجھنوں کو پیش کرنے کے ساتھ ساتھ فرحت احساس کی شاعری میں جمالیاتی تجربات بھی اپنے منفرد اسلوب میں در آئے ہیں یا یوں کہیے کہ فرحت احساس کی غزل میں جمالیاتی احساس کا بھر پور اظہار ملتا

ہے اس کی شاعری میں جمالیاتی تجربوں کا فنکارانہ اظہار جگہ جگہ نمایاں ہے۔ یہ جمالیاتی تجربہ شاعر کے گہرے ارضی احساس کا نتیجہ ہے انھوں نے انفرادی اور ذاتی تجربات کو اپنی شاعری میں پیش کیا ہے۔

اے خدا! میری رگوں میں دوڑ جا
شاخ دل پر اک ہری پتی نکال
آ مجھے چھو کے ہرا رنگ بچھا دے مجھ پر
میں بھی ایک شاخ سی رکھتا ہوں شجر کرنے کو
کبھی نیچا رہا سر اور کبھی چھوٹے رہے پاؤں
میں بھی ہر بار کہاں اپنے برابر نکلا
زندہ رہنے میں ہی دراصل ہیں خطرے سارے
مر گیا میں تو مرے دل سے مرا ڈر نکلا
ہم کو پسند آگیا ساحل کا مشورہ
کشتی کی لکڑیاں تھے شجر ہو کے رہ گئے

خلیل الرحمن اعظمی لکھتے ہیں:

چوں کہ جدید تر غزل جدید تر ذہنی کیفیات اور طرز احساس کی پیداوار ہے اس لیے اس غزل میں ہمیں ایک فضا اور ایک نیا ذائقہ ملتا ہے اس غزل میں پرانی علامتوں کی تکرار اور گھسے پٹے تلازموں کے بجائے تازہ تر علامتیں اور الفاظ کے نئے تلازمے ملتے ہیں۔ یہ الفاظ اور علامتیں ہمیں ہر جگہ زندہ اور محسوس شکل میں دکھائی دیتی ہیں۔ 3

فرحت احساس کی شاعری کے مطالعے سے واضح ہوجاتا ہے کہ واقعی یہ شاعری جدید تر ذہنی کیفیات اور طرز احساس کی پیداوار ہے اور یہ شاعری ہمیں ایک نئی فضا اور ایک نئے ذائقے سے روشناس کراتی ہے۔ یہ نئی فضا اور ذائقہ تازہ علامتوں اور نئے تلازمے کے برتاؤ کا نتیجہ ہے فرحت احساس کا یہ لہجہ اور نیا ذائقہ دراصل اس نئے طرز احساس کا نتیجہ ہے جس سے فرحت احساس دوچار ہیں ان کی غزل عہد حاضر کے انسان کی پیچیدہ نفسیات تجربات اور ان سے وابستہ جذبات و محسوسات کو استعاروں، پیکروں اور علامتوں کے ذریعہ دلکش اور مبہم انداز میں پیش کرتی ہے۔ فرحت احساس نے اپنے خیالات و جذبات کے اظہار کے لیے نئی لفظیات وضع کی ہیں جس سے نئی غزل کا کینوس کافی وسیع ہوا ہے۔ فرحت کے یہاں الفاظ کا رشتہ سماج اور تہذیب سے گہرا ہے۔ لہٰذا یہ الفاظ نامانوس نہیں لگتے۔ جیسا کہ پہلے لکھا گیا ہے کہ فرحت احساس کا تعلق صحافت سے بھی ہے جس کی بنا پر فرحت کی شاعری میں صحافتی الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں اگرچہ یہ الفاظ خاص طور سے صحافتی زبان کے دائرے میں آتے ہیں تاہم فرحت کی شاعری میں ان الفاظ کا تخلیقی استعمال جس انداز سے اور کامیابی کے ساتھ ہوا ہے وہ خاص فرحت کا ہی حصہ ہے۔ ان الفاظ میں اشاعت، خبر، ضمیمہ، اخبار، شمارہ اور کالم قابل ذکر ہیں۔ فرحت کی شاعری میں صحافتی الفاظ کے تخلیقی استعمال کو ایک مجتہدانہ کوشش سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔

فرحت احساس کی شاعری میں عام انسانی محسوسات یا تجربے جب شعری پیکر میں ڈھل جاتے ہیں تو شعور کا حصہ بن جاتے ہیں یعنی فرحت احساس عام انسانی محسوسات یا تجربات میں ایک غیر متوقع عنصر داخل کر کے اسے اور زیادہ قابل قبول بنانے کی کوشش کرتے ہیں اس غیر متوقع عنصر کی کارفرمائی سے فرحت احساس کی شاعری میں معنوی امکانات اور بڑھ گئے ہیں۔ فرحت احساس انسانی مسائل کو شدت کے ساتھ داخلی طور پر محسوس کرتے ہوئے انھیں ذات کے حوالے سے نئی زبان، نئے استعاروں اور نئی نئی علامتوں کے ذریعے اپنے شعری اظہار کا وسیلہ بناتے ہیں خود ایک جگہ لکھتے ہیں:

قدم قدم پر ذلیل و خوار ہوتا ہوا آدمی میری دکھ کی بنیاد ہے۔ یہ ذلت و خواری خواہ کسی مذہبی یا نظریاتی مقتدرہ کے ہاتھوں ہو یا سیاست اور اقتصادیات کے ہاتھوں یا خود آدمی کے عوام بن جانے کی جبریت کے ہاتھوں۔ موجودہ ہندوستان کی سیاست، تہذیبی کش مکش اور حقیقت او رالتباس کے درمیان آویزش مجھے ایک بہت بڑا چیلنج معلوم ہوتی ہے اسے سمجھنے اور معنی دینے کی کوشش میرے لیے تخلیقی محرک بنتی ہے۔

مجھے چلتے ہوئے چاک رات کے سناٹے میں کسی بچے کے رونے کی آواز مکانات، سڑکیں، بستیاں او ران میں آوازوں کا اتار چڑھاؤ اور باتیں کرتے ہوئے لوگ اپنی طرف کھینچتے ہیں۔

مجھے خیالات میں زبردست کشش نظر آتی ہے سوچنے کے درمیان مجھے وہی لذت اور نشہ حاصل ہوتا ہے جو جنسی عمل کا ماحصل ہے خیالات محسوسات بننے کے بعد ہی میرے لیے تخلیقی طور پر بامعنی ہوتے ہیں اور تجربہ بنتے ہیں۔ 4

فرحت احساس کے یہاں جدیدیت کی شعریات سے ایک واضح انحراف نظر آتا ہے اس کی شاعری میں طنز ہے تلخی ہے احتجاج ہے حرکت ہے تاہم مایوسی، ناامیدی یا انفعالیت کا دور دور تک شائبہ نہیں۔ فرحت احساس کے ان اشعار کو دیکھئے اور اندازہ لگائیے کہ یہ اشعار جدید غزل کی پوری فضا سے کس طرح ایک الگ تاثر فراہم کرتے ہیں۔

ایام صرف شام و سحر ہو کے رہ گئے
کیسے عجیب لوگ تھے گھر ہو کے رہ گئے
بدن کے سرخ پرندے کبھی ذرا ہل بھی
لہو کی شاخ سے آگے ہے تیری منزل بھی
رکاب خیال بھی الجھے ہیں آسمان کے پاؤں
مرا خیال ہوا پر ہے اور پیدل میں

فرحت احساس کی شاعری میں ایک طرح کا تنوع اور رنگارنگی ملتی ہے یہ تنوع شاعر کی خود اعتمادی، زمینی اور ثقافتی قدروں سے وابستگی اور براہ راست طرز اظہار کا نتیجہ ہے۔ فرحت کی شاعری میں تجربے کی گہرائی ہے جس کی بدولت فرحت کے ہاں یک رنگی اور خود کو دہرانے کی کیفیت نہیں ملتی۔ فرحت احساس کی شاعری میں زمانے کی حقیقتوں کا اظہار ملتا ہے۔ یہ شاعری کسی دیے ہوئے فلسفے، کسی ضابطہ بند نظام کی روادار نہیں کیوں کہ فرحت احساس زندگی کو جس زاویے اور جس انداز سے دیکھتے ہیں اس زاویے اور نقطہ نظر کے واضح نقوش فرحت کی شاعری میں ابھرتے ہیں ان کی شاعری یقینا موجودہ دور کے بدلتے ہوئے ادبی منظر نامے اور نئی تخلیقی فضا کی آئینہ دار ہے ڈاکٹر خورشید احمد لکھتے ہیں۔

پچھلے دس پندرہ سال کے عرصے میں معاصر غزل کے کردار میں ایک واضح تبدیلی آئی ہے چنانچہ اسلوب مواد اور خاص طور پر سے نقطہ نظر میں تغیر اس کی ایک الگ شناخت قائم کرتا ہے اس مختلف قسم کی غزل کی بہترین نمائندگی عرفان صدیقی، اسعد بدایونی، آشفتہ چنگیزی، فرحت احساس، مہتاب حیدر نقوی اور شارق کیفی کے اشعار سے ہوتی ہے۔ اگر ہم اس غزل کو کوئی نام دینا چاہیں تو بڑی حد تک اس کا مناسب نام مابعد جدید غزل ہوگا۔ 5

فرحت احساس کے یہاں معاصر زندگی کے اہم رجحانات اور حقائق کا بیان شاعر کی ذات کے حوالے سے ہوتا ہے۔ فرحت احساس کائنات اور اس کے مظاہر کو روحانی حوالوں سے دیکھتے ہیں۔ فرحت کی شاعری میں اعتبار یقین، عقیدت اور اقدار کی شکست کا رجحان نہیں ملتا۔ فرحت شاعری کے ذریعے روحانی رشتوں کو بازیافت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

خلوتوں کی خاک میں گم ہوگیا ہوں بیج سا
بس کہ میری رونمائی کی پہلی صورت ہوئی
پہلے تو اپنے پاؤں زمیں سے جدا ہوئے
پھر یوں ہوا کہ شہر بدر ہو کے رہ گئے
تو نے جو مجھے شہر بلایا نہیں ہوتا
میں بے سروساماں کبھی رسوا نہیں ہوتا
کس کی ہے یہ تصویر جو بنتی نہیں مجھ سے
میں کس کا تقاضا ہوں کہ پورا نہیں ہوتا
اب دیکھتا ہوں میں تو وہ اسباب ہی نہیں
لگتا ہے راستے میں کہیں کھل گیا بدن

فرحت احساس کی شاعری عشق اور عشق سے وابستہ تجربات، شدید داخلی تقاضوں کے تحت شاعر کو شاعری کے لیے اکساتے ہیں تاہم فرحت کی شعری کائنات میں عشقیہ کردار ابھرتا ہے اس میں جذباتی رومانیت کا وفور نہیں اور نہ ہی یہ عشق کا جذبہ عاشق کے اعصاب پر سوار ہو کر جبلی لذت کوشی کا موجب بن جاتا ہے بلکہ عشق پورے باطنی وجود کی تطہیر کا موثر وسیلہ بن جاتا ہے اور یوں جب فرحت احساس کی شاعری میں عشق شعری کردار کا رو پ دھار لیتا ہے تو اشعار میں جذباتی سطحیت کی بجائے ایک طرح کی عارفانہ گہرائی وجود میں آتی ہے۔ یہ عارفانہ گہرائی دراصل فرحت کی شاعری میں خلوص اور پاکیزگی کے عنصر کی وجہ سے وجود میں آتی ہے۔

ہونٹھوں کے آبشار پہ ننگے نہائیں ہم
بوسوں پہ اک لباس ہوا و ہوس نہ ہو
اس دل میں تیرے چھوڑ کے جانے کی جگہ پر
کیا ٹوٹ گیا ہے کہ بنایا نہیں جاتا
میں اس سے بچھڑتے ہوئے لمحے کی زمین پر
وہ نقش ہوا ہوں کہ مٹایا نہیں جاتا
اس کے کسی گوشے میں کہیں خود کو چھپا کر
بھولا ہوں تو پھر یاد ہی آیا نہیں جاتا
کب کا وہ جاچکا تھا کھلی آنکھ جب مری

میں اس کو دیکھتا ہی رہا جیسے خواب میں
پیکر عقل ترے ہوش ٹھکانے لگ جائیں
تیرے پیچھے بھی جو ہم جیسے دیوانے لگ جائیں
سب کے جیسی نہ بنا زلف کہ ہم سادہ نگاہ
تیرے دھوکے میں کسی اور کے شانے لگ جائیں
’’غزل کا نیا منظر نامہ‘‘ میں پروفیسر شمیم حنفی لکھتے ہیں:
غزل میں عشق کا تصور اساسی مرکزیت کا حامل ہے اور نہ ترقی پسند شاعری کی طرح کسی بیرونی تصور کی صورت گری کا ذریعہ۔ اس کی حیثیت نئی غزل میں زندگی کی عام لیکن توانا اور مستحکم جذبہ کی ہے جو تمام مسائل کے ہجوم میں خود کو متحرک رکھتا ہے اور اس کی تصویریں عشق کی تمام کے تمام مثالی یا سماجی تصور کی روایت سے نہیں ابھرتیں بلکہ روز مرہ زندگی کے ایک جیتے جاگتے خون کی حرارت سے معمور تجربے کی بنیاد پر مرتب ہوئی ہے۔ 6

اس اقتباس سے واضح ہوتا ہے کہ نئی غزل میں عشق کی نوعیت بالکل مختلف ہے یہاں عشق کا تصور صرف عشق محبوبی تک محدود نہیں رہتا بلکہ زندگی کے مختلف مسائل اس کی صورت اختیار کرتے ہیں فرحت احساس کے یہاں بھی عشق کا جو تصور ملتا ہے وہ روایتی عشق کے تصور سے بالکل مختلف ہے۔

فرحت احساس کی شاعری کا موضوع چاہے عشقیہ واردات ہوں یا انسان اور انسان کے رشتوں کا، ان کے شعروں میں ملال آمیز اور مانوس لہجے کی سرگوشی صاف طور پر محسوس کی جاسکتی ہے۔ فرحت احساس اپنے آس پاس کی اشیا اور ٹھوس ارضی حوالوں سے کام لیتے ہیں۔ فرحت دور از کار تشبیہوں کے پھیرے میں نہیں پڑتے۔

بھڑک اٹھے ہیں پھر آنکھوں میں آنسوؤں کے چراغ
پھر آج آگ لگادی گئی ہے پانی میں

خواہش تھی آبشار محبت میں غسل کی
ہلکی سی اک پھوار میں ہی گھل گیا بدن

میں شہر میں کس شخص کو جینے کی دعا دوں
جینا بھی تو سب کے لیے اچھا نہیں ہوتا

شاعر زندگی کے حقائق سے خائف نہیں بلکہ زندگی کی تلخ حقیقتوں سے نبرد آزما نظر آتا ہے اور وہ زندگی کو اس کی تمام کثافتوں اور لطافتوں کے ساتھ قبول کرتے ہیں فرحت کی شاعری کا مطالعہ کرتے وقت احساس ہوتا ہے کہ شاعر کے عہد کی تمام تر سنگینیاں اور آشوب شاعری کی ذات میں سما گئی ہیں شاعر انھیں گلے لگاتا ہے اور گرد و پیش کے خارجی حقائق کے مشاہدے سے اپنی شاعری کی بنیاد قائم کرتا ہے۔ انفرادی تجربات اور قلبی واردات کا اظہار ان کی شاعری میں جابجا ملتا ہے یہ شاعری شاعر کے نہاں خانہ دل سے نمود پاتی ہے۔ میرے خیال میں فرحت احساس کی انفرادیت کی دلیل یہی ہے کہ انھوں نے شاعری میں اپنی حقیقی ذات سے کام لیا ہے فرحت نے وہی کچھ لکھا جس کا تقاضا اس کی ذات نے فرحت سے کیا۔ فرحت احساس کی شاعری موجودہ عہد کے فرد کی ذہنی الجھنوں اور قلبی انتشار کی ترجمان ہے جس میں شاعر کے پورے عہد کی اجتماعی روح سمٹ آئی ہے۔ موجودہ عہد کے فرد کی ذہنی الجھنوں اور قلبی انتشار کو جب فرحت شعری زبان عطا کرتے ہیں تو ایک طرح کا اضمحلال اور غم کی خفیف سی پرت شاعر کی تخلیقی فضا پر چھائی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

میں رونا چاہتا ہوں خوب رونا چاہتا ہوں میں
اور اس کے بعد گہری نیند سونا چاہتا ہوں میں
کب کا وہ جاچکا تھا کھلی آنکھ جب مری
میں اس کو دیکھتا ہی رہا جیسے خواب میں
جس کے پاس آتا ہوں اس کو جانا ہوتا ہے
باقی میں ہوتا ہوں اور زمانہ ہوتا ہے
اس شہر پہ اب کوئی بلا تک نہیں آتی
ہم ایسے مرے ہیں کہ قضا تک نہیں آتی

مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں کہ فرحت احساس کی شاعری عہد حاضر کا نیا امکان ہے کیوں کہ فرحت احساس کی شاعری محض لہجے میں قید نہیں بلکہ فکر و احساس کی نت نئی جہتوں سے آشنا کرنے والی شاعری ہے اور جو کوئی بھی شاعری لہجے میں قید نہ ہو کر قاری کو فکر و احساس کی نئی جہتوں سے آگاہ کرے ایسی شاعری نئے امکانات کی

شاعری ہوتی ہے۔ فرحت احساس کی شاعری میں بھی نئے امکانات کی تلاش کی جاسکتی ہے الغرض ساتویں اور آٹھویں دہائی میں شعری افق پر نمودار ہونے والے شعرا جن کے شعری کمالات، فنی انفرادیت اور تخلیقی شعور کا اعتراف کیا جاتا ہے ان میں ایک اہم نام فرحت احساس کا بھی ہے۔

آئندہ کی خبر ہوں گزشتہ نہیں ہوں میں
ماضی! ترے مزار کا کتبہ نہیں ہوں میں
تجھ سے جدا ہے میری اشاعت کا سلسلہ
اخبار دہر! تیرا ضمیمہ نہیں ہوں میں

حوالے:

1۔ ادب کا بدلتا منظر نامہ، اردو مابعد جدیدیت پر مکالمہ، ص: 71،مرتبہ: گوپی چند نارنگ،اردو اکادمی، دہلی، 2011
2۔ ایضاً، ص: 422 -423
3۔ مضامین نو، ص: 77،خلیل الرحمن اعظمی، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ، 1978
4۔ ادب کا بدلتا منظر نامہ، ص: 423
5۔ مابعد جدید غزل اظہار کے چند پہلو، ڈاکٹر خورشید احمد، مشمولہ: معاصر اردو غزل- مسائل و میلانات، ص: 238،مرتبہ: پروفیسر قمر رئیس، اردو اکادمی، دہلی، 2006
6۔ غزل کا نیا منظر نامہ، ص: 61شمیم حنفی، مکتبہ الفاظ، علی گڑھ، 1981

ادبی تاریخیں اور ادب کے طلبا

فیضان شاہد

استاد محکمہ تعلیم

حکومت دہلی

ادبی تاریخ کے مطالعہ سے قبل اس امر کا جاننا ضروری ہے کہ تاریخ اور ادبی تاریخ دونوں کیا ہیں کیا یہ دونوں ایک ہی درخت سے نکلی دو شاخیں ہیں یا دونوں علاحدہ درخت کی حیثیت رکھتی ہیں۔ تاریخ کے معنی لغت میں وہ علم ہے جس سے ماضی کے واقعات سے بحث کی جاتی ہو۔ مورخین نے ’’اس کے معنی وقت بتا کر احوال متعین کرنا‘ ماضی میں ہونے والے واقعات جنھوں نے تاریخ میں قرنی تبدیلی کی ہو یا جن کی سیاسی، معاشرتی اور معاشی اہمیت ہو ایسے واقعات کی ترتیب و تدوین کرکے ایسے سانے اور بیان کرنا دائرہ تاریخ میں کرتا ہے۔‘‘ (ڈاکٹر مبارک علی۔ تاریخ اور فلسفہ تاریخ، ص 75، فکشن ہاؤس لاہور 1993)

مشہور یونانی مورخ ہیروڈوٹس نے لفظ Historia کو تلاش وجستجو کے معنی میں استعمال کیا ہے اور اس نے مشاہدہ پر خصوصی زور دیا ہے جب کہ تھیوسی ڈائڈس نے تاریخی واقعات کو انتہائی تنقیدی نظر سے دیکھا ہے اور وہ پہلا شخص ہے جس نے تاریخ کو تحقیق کے معنی میں استعمال کیا ہے او رانسان اور اس کے موضوع کو لے کر تاریخ لکھی ہے اور یہ بھی واضح کیا ہے کہ داستان اور تاریخ میں فرق ہے اول الذکر افسانہ ہے اور آخر الذکر تحقیق۔

اسی سلسلہ میں علی جواد زیدی کی بات بھی ملاحظہ فرمائیں، لکھتے ہیں:

’’...تاریخ کا ایک مفہوم تو وہ ہے جس کا تعلق تقدم و تاخر زمانی سے ہے لیکن تاریخ صرف زمانہ کی ترتیب کے ساتھ واقعات کے یکجا کرنے کا نام نہیں ہے۔ ہر وقت زمان کی قیدوں میں گھرا ہوا ہے۔ یہ واقعات تاریخ اسی وقت بنتے ہیں جب ان کے باہمی تعلقات کو سمجھ کر انھیں ایک رشتہ میں اس طرح پرویا جائے کہ یہ ارتقائے مسلسل عمل کی نشاندہی کرنے لگیں اور تاریخ کے دھارے کے بہاؤ کی تیزی اور سست رفتاری نظر میں سمانے لگے۔ واقعات، شخصیتیں، ماحول جن کے عمل اور رد عمل سے تاریخیں بنتی ہیں وہ ایک سانچے میں ڈھلے نہیں ہوتے بلکہ ان میں اختلافات اور تضادات بھی ہوتے ہیں اور بغاوتیں اور انقلابات بھی، وہاں تقلیدی روایت بھی ہے اور تجدید اصلاح بھی۔ افراد بھی تاریخ پر اثر انداز ہوتے ہیں اور حمایتیں اور معاشرے بھی۔ پھر گردو پیش کے ماحول سے لے کر عالمی اثرات تک تاریخ کی تشکیل و تعمیر میں اسی طرح حصہ لیتے ہیں جس طرح انسانی حیات کی تعمیر و ریخت میں ادبی تاریخ کی داستان مختلف نہیں ہو سکتی۔ ادب کے بھی وہی محرکات ہیں جو انسانی زندگی کے دوسرے شعبوں کے اس لیے ادب میں ایک ناحیاتی حقیقت ہے اور اسی کی تاریخ میں اجتماعی اور تہذیبی زندگی کے عروج و زوال کی تصویر جھلکنی چاہیے۔‘‘

(تاریخ ادب کی تدوین ص918)

مذکورہ بالا اقتباسات سے یہ بات واضح ہو گئی ہوگی کہ تاریخ اور تاریخ ادب دونوں ایک دوسرے سے الگ نہیں ہیں بلکہ دونوں ایک دوسرے سے جڑی ہوئی اہم کڑیاں ہیں۔

ڈاکٹر تبسم کاشمیری نے اردو ادب کی تاریخ میں لکھا ہے کہ ’’ادبی تاریخ بھی بناوٹی طور پر ایک تاریخ ہی ہوتی ہے لیکن یہ ایسی تاریخ ہوتی ہے کہ جس میں بنیادی اہمیت تو ادب کو حاصل ہوتی ہے۔ مگر ادب پر اثر انداز ہونے والے دیگر عوامل اور محرکات کا مطالعہ بھی ساتھ ساتھ کیا جاتا ہے۔‘‘

(اردو ادب کی تاریخ۔ ایم آر پبلی کیشنز دہلی، ص10)

ادبی تاریخ نویسی کا عمل بنیادی طور پر تین عناصر پر مشتمل ہوتا ہے اول واقعات ، دوم واقعات کو جانچنے اور پرکھنے کے لیے شہادتوں کی صورت میں ماخذات کی تلاش (تحقیق)سوم ان واقعات کی تشریح و تاویل یا تفسیر (تنقید)

ادبی تاریخ کی تشکیل کا عمل انہیں تینوں عناصر پر مشتمل ہوتا ہے اگر ان عناصر ثلاثہ میں کسی کی کمی ہے تو تاریخ محض ادبی تنقید یا تحقیق بنا کر رہ جاتی ہے ان تینوں کے علاوہ ایک اور اہم چیز جو تاریخ نویسی کو مربوط بناتی ہے وہ ہے تاریخ نویسی کا فن اور تکنیک اور یہ ادبی تاریخ کی تشکیل میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہی تاریخ میں تنوع کے ساتھ معانی و مفاہیم اور واقعات گذشتہ کو جانچنے پرکھنے اور ایک نئے تناظر میں دیکھنے کا حوصلہ و جذبہ فراہم کراتی ہے۔

آج کے تیز رفتار اور ترقی یافتہ زندگی نے انسانوں کے تمام نظام میں اور زندگی کے مختلف شعبوں میں تبدیلیاں پیدا کی ہیں علم و ادب کا میدان اس سے محفوظ نہیں ہے ادب کے معیارات اس کے تقاضے میں جہاں تبدیلیاں وقوع پذیر ہوئی ہیں وہیں تاریخ ادب میں تبدیلی بھی ایک اہم حصہ رہی ہے بیسویں صدی کے اواخر اور اکیسویں صدی تک آتے آتے کئی اہم ادبی تاریخیں منظر عام پر آئیں کہاں ایک زمانہ تھا یعنی آب حیات 1880ء کے بعد ایک لمبے وقت تک لوگوں کو ادبی تاریخوں کا انتظار ہی رہا۔ ان ادبی تاریخوں میں کچھ تاریخیں ایسی رہی ہیں جن کو طلبا کے نصاب کو مد نظر رکھ کر لکھا گیا اور یہ بات بھی ذہن میں رکھی گئی کہ اردو کے ابتدائی قاری کے لیے یہ کتابیں انتہائی سود مند ہونگی۔ ان میں ڈاکٹر اعجاز حسین کی مختصر تاریخ ادب اردو ہے۔ 1934ء میں اس کتاب کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا اس کے بعد کئی ایڈیشن ہندوستان و پاکستان سے شائع ہوئے۔ اس کتاب کے دیباچے میں اعجاز حسین نے لکھا ہے۔

’’اردو پڑھاتے وقت اکثر یہ کمی محسوس ہوئی اس زمان میں تاریخ ادب پر کوئی ایسی کتاب نہیں جو اس کی ابتدائی آفرینش سے آج تک کا حل بتا سکے۔ اس کمی کی شکایت صرف انٹر میڈیٹ اور بی اے کے طلبا تک محدود نہ تھی ایم اے کے طلبا نے بھی بارہا تکلیف کے ساتھ اسی بات کو کہا.... اسی کمی کو پورا کرنے کے لیے میں نے قلم اٹھایا۔‘‘

(مختصر تاریخ ادب اردو ص5)

اس مقصد کے تحت یہ کتاب لکھی گئی گویا ایک نصابی نوعیت کی کتاب لکھنے کی بات ہے ایسی کتاب جو نو آموز طلبا کے لیے لکھی جا رہی ہو اس میں احتیاط انتہائی لازمی چیز ہے اور اس میں بیان کردہ حقائق ہر طرح کے شک وشبہ سے بالاتر ہونی چاہئیں وہ ایک جگہ لکھتے ہیں:

’’مجھے انتظار میں اس قدر زحمتیں اٹھانی پڑیں اور تجربہ اتنا تلخ ہوتا گیا کہ بالآخر گھبرا کر یہی فیصلہ کرنا پڑا کہ جن حضرات کے حالات زندگی بہت آسانی سے مل جائیں ان ہی کی سوانح عمری لکھی جائے.... موجودہ شعرا کے کلام کی ترتیب میں کوئی التزام نہیں رکھا گیا جس مصنف کے متعلق مواد جمع ہوتا گیا پریس میں بھیج دیا گیا۔ بعض ایسے شعرا کا ذکر لکھنے سے رہ گیا جن کے متعلق مجھے لکھنا چاہیے تھا۔‘‘ (مختصر تاریخ ادب اردو ،ص7)

اعجاز حسین نے اس کتاب کو تحریر کرنے کے لیے تاریخ زبان اردو، اردوشہ پارے، دکن میں اردو، خمخانہ جاوید، تاریخ ادب اردو (سکسینہ) مجموعہ نغز، اردو قدیم، آب حیات،سیر المصنفین اور داستان تاریخ جیسی نمایاں کتابوں سے فائدہ اٹھایا اور ان کے حوالے بھی موجود ہیں۔

اس کتاب کو مصنف نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے ابتدا سے لے کر 1995ء تک کے ادب کا جائزہ ہے پھر کتاب کے حصہ اول میں اردوشاعری کی ابتدا سے لے کر احمد ندیم قاسمی اور وامق تک کے دور کا احاطہ ہے اور اس طرح گیارہ ادوار قائم کیے گئے ہیں ہر دور کے آخر میں اس عہد کی خصوصیات ہیں حصہ دوم اردو نثر کی ابتدا سے شوکت تھانوی اور کنہیالال کپور تک کے عہد کو سمیٹنے کی کوشش کی گئی ہے۔ نثر کی رفتار اور اس کے ارتقا کی وضاحت کے لیے ابتدا سے شبلی تک تین ادوار قائم کیے گئے ہیں اس کے بعد اردو نثر کے مختلف اصناف کی ترقی دکھائی گئی ہے۔

اس کتاب میں ادوار بندی کے لیے کوئی اصول نہیں کہیں ایک علاقے کے شعرا کا ایک دور ہے مثلاً دکن کے شعرا کا دور اور کہیں جدید شعرا کا جن میں اقبال سے لے کر احمد ندیم قاسمی تک سب ایک ہی دور میں رکھے گئے اگرچہ رویوں کے اعتبار سے بہت سے شاعر ایک دوسرے سے الگ ہیں۔

اسی طرح اس کتاب میں بے شمار تحقیقی غلطیاں ہیں مثلاً خوش نغر کو خوش نغز، شہادت التحقیق کو شہادت الحقیقت، قلی قطب شاہ کی تاریخ وفات 1035ھ کے بجائے 1025ھ لکھا جانا درد کی دو تصانیف اسرار الصلوٰۃ اور واردات کو احکام الصلوٰۃ اور وارداتِ درد لکھنا وغیرہ۔

اسی طرح یہ کتاب دکنی دور سے لے کر فورٹ ولیم کالج تک جانے والی اردو نثر کے بارے میں خاموش ہے۔ ڈرامہ کے ارتقا پر کوئی ذکر نہیں اصناف نظم میں صرف مرثیے کا ذکر ہے باقی اصناف پر کوئی معلومات نہیں کتاب میں دیے گئے تمام ہی حوالے نامکمل ہیں حوالے کی عبارت اور متن میں امتیاز نہیں کتاب کے آخر میں کتابیات نہیں سنین کا بھی خاص خیال نہیں ادبا اور شعرا کی تاریخ پیدائش و وفات کا ذکر نہیں کہیں پر تاریخ پیدائش ہجری میں ہے تو تاریخ وفات عیسوی سنہ میں ہے۔ ادبی تاریخ نگاری کے اصول اور طلبا کے مفاد کو مد نظر رکھ کر وہ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ اس کتاب کو مطالعے کے کس زمرے میں داخل کریں۔

عظیم الحق جنیدی کی کتاب تاریخ ادب اردو بھی اعجاز حسین کی کتاب سے بہت زیادہ مشابہت رکھتی ہے۔ اختصار کے چکر میں بہت معیاری اور اہم باتیں رہ گئی ہیں اور قاری کو بنیادی موٹی موٹی باتوں کے علاوہ کچھ نہیں سمجھ آتا ہے اور اگر یہی چیز کرنے میں مصنف کامیاب ہو جاتا ہے تو کہا جاتا کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہے لیکن اختصار نے جامعیت کو مفقود کر دیا ہے۔

سید عبد اللہ کی کتاب اردو ادب 1857ء تا 1966ء کو طلبا اور ابتدائی قاری کے لیے اس وجہ سے شامل نہیں کر رہے ہیں کہ یہ تاریخ تقریباً ایک سو سالہ تاریخ ادب کی تاریخ پر مشتمل ہے۔ 1857 سے 1966ء تک ایک سو نو سال کے عرصے میں سیاسی حالات و واقعات کے اردو ادب پر گہرے اثرات چھوڑے علی گڑھ تحریک کے حوالے سے مقصدیت، مخزن کے حوالے سے رومانویت انگارے کے حوالے سے ترقی پسندی اور طبقاتی احساس اور پاکستان کے قیام کے بعد حلقۂ ارباب ذوق کے حوالے سے جدید طرز احساس جیسے فکری رجحانات اور روشوں نے ادب کو متاثر کیا اس عہد کے نمائندہ روشوں، تحقیق کاروں تحریکوں، اس کتاب میں تجرباتی اور تنقیدی مطالعے ہیں۔ ظاہر ہے کہ طالب علموں کے لیے جب تک زبان کا ارتقاء اور مختلف اصناف کا عروج ادب کا سلسلہ وار ارتقائی ربط پتہ نہ ہو اس چیز کو سمجھنے میں دشواریاں پیش آ سکتی ہیں۔

کلیم الدین احمد نے اردو تنقید پر ایک نظر کے ص 301 پر لکھا ہے:

’’وہی تاریخ کامیاب ہو گی جو اردو ادب کی ابتدا اور ترقی کے مختلف مدارج کو صحیح اور روشن طور پر واضح کر سکے اور اس کی ابتدا اور ترقی کے اسباب، سیاسی، تاریخی، معاشرتی اور ادبی اسباب تفصیل کے ساتھ بیان کر سکے.... جس میں ہر دور کے ان اثرات کا ذکر ہو جو اپنے اپنے نقش قدم چھوڑ گئے ہوں۔ جس میں مختلف ادوار، مختلف شاعروں اور انشا پردازوں میں جو ربط ہے اسے اجاگر کیا جائے۔‘‘

(اردو تنقید پر ایک نظر، عشرت پبلشنگ ہاؤس لاہور-1965)

اس طور سے دیکھیں تو اس کتاب میں ان تمام خوبیوں کی کمی نظر آتی ہے مثلاً زبان کے ارتقاء کا بیان نہیں ہے، اتنے ہی مختلف ادوار کے شاعروں ادیبوں کی کاوشوں کا ذکر ہے جو ایک طالب علم کے لیے بہت ضروری ہے۔ کسی مخصوص دور ادب کی ترقی و تنزلی کے اسباب کا بیان اور بلند پایہ شعرا اور ادیبوں کے حالات کی کمی دیکھنے کو ملے گی۔ ادیبوں اور شاعروں کے ایک دوسرے پر اثرات کا جائزہ لے کر ادبی روایت کا سراغ اور پتہ لگانا ضروری ہے ابتدائی قاری کو یہ چیز کھٹکے گی اور وہ ادیبوں شاعروں کے کلام پر تنقید و تبصرے میں بھی کمی پائے گا۔ ممکن ہے اس کی وجہ اختصار ہو مگر اختصار میں لازم کو چھوڑ نا کہاں تک درست ہے۔

آج کا اردو ادب کے نام سے ابو اللیث صدیقی نے بھی ایک کتاب تحریر کی اور سید عبد اللہ کی کتاب 1967ء میں آئی۔ 1970ء میں ابو اللیث کی کتاب آئی اور انھوں نے بھی 1857ء سے 1967ء تک کے اردو ادب کا جائزہ لیا ہے یہ کتاب تاریخ کی کم اور تبصرے کی زیادہ لگتی ہے انھوں نے ادب کا جائزہ ادوار کی شکل میں نہ لے کر اصناف کی شکل میں لیا ہے اور نمائندہ ادیبوں کے مجموعی کاموں پر تبصرہ و تنقید کی ہے۔

عظیم الحق جنیدی کی کتاب ”اردو ادب کی مختصر تاریخ“ کی خاصی بات یہ ہے کہ مذکورہ بالا ابو اللیث صدیقی کی کتاب کا ادبی سرقہ کی عمدہ مثال ہے جس میں بغیر کسی حوالے کے پورے پورے باب کو شامل کر لیا گیا ہے۔ جنیدی کی کتاب کا پہلا ایڈیشن 1989ء میں منیش بک لاہور سے شائع ہوا تھا۔

دیباچہ میں انھوں نے لکھا ہے ”محترمی اعجاز حسین نے اپنے عزیز دوست اطہر پرویز، عبد العزیز صاحب اور ڈاکٹر جمیل جالبی کی کتابوں سے استفادہ کیا ہے۔“ (دیباچہ)

اس اعتراف میں جن سے اصل میں استفادہ کیا اس کا نام چھوڑ دیا۔ جنیدی نے بالترتیب اپنی کتاب کا پانچواں، چھٹا، ساتواں، آٹھواں، نواں اور گیارہواں باب بھی ناول، افسانہ، اردو ڈرامہ، مقالہ نگاری اور صحافت، تنقید ،طنزو مزاح کے ان تمام ابواب کو لکھنے میں ابو اللیث صدیقی کی کتاب سے استفادہ نہیں بلکہ مکمل طور سے فائدہ اٹھایا ہے۔

ایک اور کتاب جس کا نام ”اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ“ سلیم اختر کی ہے لکھتے وقت اس کے پہلے ایڈیشن کی ضخامت 282 صفحات تھی ظاہر ہے کہ اس کتاب کو لکھنے کا ارادہ کتابی شکل دینا نہیں تھا بلکہ رسالہ، کتاب لاہور کے لیے لکھے گئے قسط وار مضامین ہیں جن کو بعد میں ترمیم کے ساتھ شائع کیا گیا میرے خیال میں اب اس کتاب کو اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ کے مختصر ترین ہٹا لینا چاہیے کیونکہ ہندوستان اور پاکستان ملا کر اس کتاب کے اب تک تقریباً بتیس اڈیشن شائع ہو چکے ہیں چو بیس ایڈیشن تو صرف پاکستان میں شائع ہوئے۔ 1971ء میں یہ کتابی شکل میں آئی اور جتنے ایڈیشن آئے سلیم اختر نے ہر ایڈیشن میں کچھ نہ کچھ اضافے ہی کیے ہیں۔ اور پہلے ایڈیشن سے لے کر سنہ 2000ء مصنف نے کتاب کے مواد، ادیبوں کی رایوں کلام کے حسن و قبح میں بے شمار تبدیلیاں کی ہیں طالب علم اس کتاب کو خرید ہی نہیں سکتا کیونکہ ہر ایڈیشن میں اضافہ ہے 24 ایڈیشن میں 24 بار اضافے کوئی کہاں تک ایک ہی کتاب کو بار بار خریدے گا اس وقت اس کی ضخامت 717 صفحات میں ہے اس طرح ہر ایڈیشن میں اضافے ترمیم تحقیق کی کمی، آرا کی تبدیلی اور بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کرنے کی طرف واضح اشارہ ہے بعض لوگوں نے اسے استحکام فکر کی کمی قرار دیا ہے۔

دیباچے میں سلیم اختر نے لکھا:

”کتاب کا مقصد قارئین کو ایسا کیپسول مہیا کرنا تھا کہ جس میں تمام معلومات درج کی گئی ہوں اس کتاب کے قارئین زیادہ تر طلبا ہی ہیں چاہے وہ ایم اے کی سطح کے ہوں یا پھر مقابلے کا امتحان پاس کرنے والے۔ اس کتاب کی تدوین میں طلبا ہی کی امتحانی ضرورتوں کا خیال رکھا گیا ہے اور اسے زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کے لیے ان موضوعات پر زیادہ مواد فراہم کیا گیا ہے جس کا تعلق نصاب سے ہے مزید اضافے کے طور پر ہر اہم موضوع کے متعلق مشاہیر ناقدین کی آراء کا ایک ایک جملہ بھی دے دیا گیا ہے تاکہ ان جملوں کو امتحان میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بطور حوالہ استعمال کر سکیں۔ اس طرح طلبا کے لیے کتاب نہایت مفید ہو گئی ہے۔“

اس طرح یہ بات واضح ہو گئی کہ تاریخ کو ادب برائے امتحان کے طور پر لکھا گیا ہے اور تعلیم ادب کے اس طریقہ میں سب سے بڑا نقص یہی ہے کہ سطحی آشنائی سے زیادہ ادب کی ضرورت نہیں پڑتی اور معلومات اور تنقیدی نوعیت کے سوالوں کے لیے مورخین ادب کی رہنمائی کو کافی سمجھا جاتا ہے اس طرح کی تاریخوں میں شاعروں اور ادیبوں کے حالات پر زیادہ تر حصہ مشتمل ہوتا ہے اور ان کی تصانیف گنوائی جاتی۔ کیا یہ کام تاریخ ادب کا ہے؟ اور اگر ہے تو پھر ایسی کتابوں کو ادب کے کن خانوں میں رکھا جائے؟

بہر حال اس وقت سلیم اختر کی کتاب تقریباً ساڑھے چارسو صفحات کی ہے لیکن پھر بھی وہ اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ ہی ہے۔

ڈاکٹر انور سدید نے اردو ادب کی مختصر تاریخ کے نام سے ایک کتاب تحریر کی جس کا پہلا اڈیشن 1991ء میں مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد نے شائع کیا یہ کتاب 722 صفحات پر مشتمل ہے ہندوستان میں مختلف پبلیشرز نے اسے شائع کیا اس طرح سے اب تک کی سب سے ضخیم اور مختلف تاریخ ہے یہ کتاب بارہ ابواب پر مشتمل ہے ابتدا سے لے کر 1857ء تک کا ادب 275 صفحات میں ہے اور جدید دور پر 447 صفحات لکھے گئے ہیں کتاب کا توازن طالب علم کو کھٹکے گا آخر باب میں تقریباً دوسو صفحات خرج کئے ہیں اور فہرست مضامین میں ہی 22 صفحات لگ گئے ہیں ذیلی مضامین اتنے ہیں کی بے ساختہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان کی ضرورت تو نہیں تھی۔

انورسدید کی تاریخ میں تحقیق کی بے شمار غلطیاں ہیں مثلاً علاءالدین خلجی کے دکن کے فتح کی تاریخ انھوں نے 1294ء لکھی ہے -(ص36) جب کہ متعدد مورخین نے یہاں تک کہ خود جمیل جالبی نے 1310ء لکھا ہے۔ (حوالہ تاریخ ادب اردو جلد اول، ص12)

اسی طرح محمد بن تغلق (غیاث الدین تغلق کا بڑا بیٹا)کے دار الخلافہ کو دولت نگر منتقل کرنے کی بات کی ہے (ص 36) حالانکہ 1237ء میں اپنی راجدھانی دولت آباد کو بنائی تھی (جمیل جالبی جلد اول، ص148)

اسی طرح انورسدید نے جان گل کرسٹ کی کتاب قواعد زبان ہندوستانی کی اشاعت 1795ء قرار دی ہے حالانکہ عتیق صدیقی نے اپنی کتاب گل کرسٹ اور ان کا عہد کے ص ۹۹ پر لکھا ہے اور پہلا حصہ 1796ء شائع ہوا مقدمہ اور لغت پر مشتمل دوسرا حصہ 1798ء میں ضمیمہ کے طور پر پیش ہوا۔

اسی طرح شیخ شرف الدین یحی منیری کی تاریخ وفات 1370ء لکھی ہے (ص 71) جبکہ جمیل جالبی نے اپنی تاریخ کے جلد اول میں 782ھ 1380 لکھا ہے (ص 36)

معراج العاشقین کو انھوں نے بھی خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی تصنیف بتایا ہے (ص 27)جبکہ جمیل جالبی نے مختلف پہلوؤں سے اس کے مصنف کا نام مخدوم شاہ حسینی بیجا پوری کو قرار دیا ہے۔ (ج اول ایضاً جمیل جالبی ،ص 240)

شاہ میراں جی شمس العشاق کی تصانیف کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے خوش نامہ، خوش نظر، شہادت الحقیقت اور شرح مرغوب القلوب کو بتایا ہے (ص 74) حالانکہ جمیل جالبی نے اس کا نام خوش نامہ ، خوش نظر، شہادت التحقیق اور مغز مرغوب قرار دیا ہے (جمیل جالبی جلد اول، ص168)

ص 74 پرشیخ باجن کی کتاب کا نام خزانہ رحمت لکھا ہے جب کہ اصل نام خزائن رحمت اللہ ہے (جالبی ص 37 ج اول)

اس طرح متعدد اشعار انورسدید نے غلط لکھے ہیں۔

ص 101 پر انھوں نے تحفۃ النصائح شاہ ابو الحسن کی تخلیق بتائی ہے جب کہ جمیل جالبی نے اسے شاہ راجو قتال کی تصنیف قرار دیا ہے (جالبی ج 1 ، ص 485)

ایک اہم بات حسن شوقی سے متعلق انورسدید نے کہی ہے کہ ڈاکٹر جمیل جالبی نے ان کی اکتالیس غزلیں دریافت کرکے دیوان حسن شوقی مرتب کیا (ص104) مگر جالبی لکھتے ہیں کہ ''حسن شوقی کی صرف دو مثنویاں اور اکتیس غزلیں ہی ملی ہیں (جالبی ج 1 ،ص 281) میر کے بارے میں انھوں نے لکھا ہے کہ اکبرآباد میں پیدا ہوئے لیکن پرورش دہلی میں پائی (ص 193) حالانکہ جمیل جالبی نے پہلی بار گیارہ سال کی عمر میں روزگار کی تلاش میں دہلی آنے کی بات کی ہے دوسری بار 1739ء میں 17سال کی عمر میں دہلی آنے کی بات کی پھر آرزو کے یہاں وہ سات برس تک رہے۔ اس طرح بے شمار تحقیقی غلطیاں ہیں شخصیات کے تعارف میں انھوں نے الفاظ کے خوب پینترے پھینکے ہیں جو تاریخ کے لیے مناسب نہیں۔

تاریخ ادب اردو کے نام سے ایک کتاب نور الحسن نقوی، لکھی ہے۔ چارسو بہتر صفحات پر مشتمل یہ کتاب طلبا کے لیے بالخصوص ان کے امتحانی مفاد کو سامنے رکھ کر لکھی گئی۔ اس کتاب کے شروع میں ص 13سے 28 تک اردو زبان کے آغاز و ارتقا پر بحث کی گئی ہے جس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مورخ نے زبان و ادب کو دو الگ الگ شعبوں میں تقسیم کر دیا ہے یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں ہمیں ادب کا ارتقائی سفر تو دکھتا ہے مگر زبان کے ارتقائی سفر پر تشنگی برقرار ہے اور جب تک ہمیں پتہ نہ ہو کہ زبان کی پیدائش کیسے ہوئی اس وقت تک زبان کے مزاج اس کی خمیر اور کون کون سی معاون بولیاں اور زبانیں اس کی پیدائش میں معاون ثابت ہوئیں ان سب کا پتہ نہیں لگایا جا سکتا ۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے زبان کی تاریخ کے ساتھ ادبی ارتقا پر بحث کیا ہے۔ پروفیسر مسعود حسن خان نے مقدمہ تاریخ زبان اردو میں خالص زبان کی تاریخ پر بحث کی کہیں کہیں ادب کے ارتقائی سفر کی جھلکی بھی دیکھنے کو مل جاتی ہے۔

نور الحسن نقوی نے زبان کی پیدائش و ارتقا کے باب میں اس پہلو کو تقویت دی ہے کہ مسلم فاؤنڈیشن کے ورود ہند کے بعد زبان کی پیدائش و ترقی ہوئی وہ لکھتے ہیں:

''.... دسویں صدی عیسوی کے آخر میں جب مسلمانوں کی بڑی تعداد یہاں پہنچی اور بڑی تیزی سے اس کے قرب و جوار میں اس کا تسلط قائم ہوا تو لسانی تبدیلیاں بڑی تیزی سے رونما ہونے لگیں اسی سے زبان کا وہ ادب نکھر کر سامنے آیا جسے آج اردو کہا جاتا ہے۔''

(نور الحسن نقوی، تاریخ ادب اردو ، ص 14، ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ)

پروفیسر محمد حسن کی بات اس سلسلے میں زیادہ درست لگتی ہے جس میں آپ نے لکھا ہے کہ:

''.... اب تک سبھی تاریخوں میں اردو کا رشتہ مسلمانوں کے ورود ہندسے جوڑا گیا ہے ۔ یہ درست نہیں ہے اول تو کسی ایک مذہب کی کوئی ایک زبان نہیں ہوتی مسلمان کے لفظ سے صرف مذہب کی پہچان ہوتی ہے زبان اور تہذیب کی بناوٹ میں مذہب کے علاوہ دوسرے کئی عناصر شامل ہوتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ اردو زبان و ادب کے سلسلے میں مسلمان کے بجائے ترک ایرانی اور افغانی اثرات کا ذکر کیا جائے اور یہ مذہبی نہیں تہذیبی اکائیاں تھیں جن کا ملاپ ہندوستان میں رہنے والے مختلف تہذیبی اکائیوں سے ہوا۔

دوسرے یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ یہ ترک، ایرانی اور افغانی وہ تھے جن کے رشتے ہندوستان کے آریاؤں سے نہایت قدیم تھے ، ایران اور افغان تو خود آریاؤں کا حصہ تھا لہٰذا زبان ہی کے سلسلے میں نہیں ادبی روایات اور فکری پس منظر کے سلسلے بھی مشترک تھے۔''

(قدیم اردو ادب کی تنقیدی تاریخ (دیباچہ) ص 9

نور الحسن نقوی کی تاریخ ادب اردو کے مطالعے سے پتہ چلے گا کہ انھوں نے اسے طلبا کے لیے تو لکھا ہے مگر اختصار کی وجہ سے یا کسی جلد بازی میں حقائق سے سرسری طور سے گذر گئے ہیں زبانوں کا ذکر کرنے کے بعد وہ لسانی جائزہ لیتے ہیں اور بے شمار حقائق کا ذکر کیے بغیر تاریخ کو تیزی سے عبور کرتے ہوئے اردو زبان کے عروج کا ذکر کرتے ہیں پھر ۱۸۵۷ءکی بغاوت کا ذکر بغیر کسی نام کے لیے صرف ایک وجہ بیان کرکے گذر جاتے ہیں اور جدید اردو ادب کا آغاز ہو جاتا ہے سرسید کے ذکر کے بعد ان کے رفقاءکا کچھ اس طرح ذکر کیا ہے۔

'سرسید کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے لیے ان میں مولانا حالی، علامہ شبلی، مولوی نذیر احمد، مولوی محمد حسین آزاد، مولوی ذکاءاللہ، محسن الملک، وقار الملک اور مولوی چراغ علی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔"

(نور الحسن نقوی، تاریخ ادب اردو ص 28)

اس اقتباس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایک ابتدائی قاری یا ایک امتحان میں بیٹھنے والا طالب علم یا ادب تاریخ کا ایک طالب علم اس اقتباس سے کتنے معلومات اور حقائق تک پہنچ سکتا ہے سوائے نام گنوانے کے۔

نقوی نے اپنی کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا پہلا حصہ نظم اور دوسرا حصہ نثر ، نظم میں اصناف شاعری پر گفتگو تو ہے اور روایت پرستی کو زندہ رکھا ہے جس طرح عام مورخین نے دبستانوں، تحریکوں اور مختلف موضوعات کو مد نظر رکھ کر ادب کی تقسیم کی ہے مثلاً دبستان، دہلی لکھنؤ، رام پور، عظیم آباد، علی گڑھ تحریک ، ترقی پسند تحریک، رومانی تحریک، حلقہ ارباب ذوق، جدیدیت، جنگ آزادی اردو ادب یا اردو شاعری میں قومی یک جہتی کے عناصر، اردو کی عوامی شاعری انقلابی شاعری۔ نثری اصناف اور عروض و قواعد کے حساب سے دور بندی کی قصیدہ نگاری کی تاریخ، ناول، افسانہ، ڈراما، غزل کا ارتقائ، مرثیہ و رباعی کی تاریخ، داستان نویسی کی تاریخ، صرف ، نحو، عروض و بلاغت وغیرہ۔

نقوی بھی اس سے نکل نہیں سکتے اس کا نقصان یہ ہے کہ مختلف ادوار میں پیدا شدہ تبدیلیوں کا پتہ کم چلتا ہے چنانچہ ضروری تھا کہ تبدیلیوں کے اسباب وعلل کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کی جاتی کہ کون کون سے لوگ روایت سے بغاوت کر چکے اور کن لوگوں نے روایت کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھا۔ بہر حال فہرست سازی اور انتخابی طریقہ کار سے آگے اس تاریخ میں زیادہ کچھ دیکھنے کو نہیں ملے گا۔

حصہ نثر کی شروعات ''اردو نثر کا آغاز'' کے عنوان سے کیا ہے۔ اور تاریخ کا سرسری جائزہ لیا ہے اس طرح سے کہ قاری کے ذہن میں کئی سوالات پیدا ہوں جس کا جواب اس کتاب میں موجود نہیں۔ تحریری کتاب کے مطالعہ میں کہیں کوئی

حوالے نہیں ملے گا نہ کتاب کے آخر میں کتابیات ہے۔سوال یہ اٹھتا ہے کہ اول ارتقاء کو شخصیات کے حوالے سے دکھایا جا سکتا ہے؟ ہم تنقید نگاروں کے بقوی نے نام دیے ہیں اور ان پر مختصر تبصرہ بھی کیا ہے مگر اگر وہ اس طرح کرنے کے بجائے صرف نام شمار کرائے تو زیادہ بہتر تھا بجائے اس کے کہ کسی پر دو سطریں لکھی جائیں بہر کیف طلبا اور قارئین کے اوپر ہے کہ اس کتاب کو تاریخ کے کس زمرے میں رکھا جائے۔

احتشام حسین کی کتاب ''اردو ادب کی تنقیدی تاریخ'' ہندی زبان میں اردو ساہتیہ کا آلوچناتمک اتہاس 1954ء میں شائع ہوئی جس نے انجمن ترقی اردو ہند علی گڑھ نے شائع کیا۔ پھر احتشام صاحب نے چودھری سبط محمد نقوی سے اسے ترجمہ کرایا کیونکہ ان کی مصروفیت نے انہیں وقت نہ دیا تھا کہ وہ خد کرنے چنانچہ بہت ہی اعتدال کے ساتھ یہ کتاب آئی جس میں تاریخ کو سیاسی اور سماجی ماحول کے آئینے میں دیکھنے کی کوشش کی ہے اور سماجی پس منظر بھی مناسب حدود کے ساتھ بیان کیا ہے کتاب میں کل 14 ابواب ہیں اس کتاب میں دی گئی تاریخوں اور سنین سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کے اکثر سنین غلط ہیں گیان چند جین نے تقریباً ایک سو دس مقامات کی نشان دہی کی ہے یہ بات ضرور ہے کہ احتشام حسین محقق نہیں تھے مگر سنین کے اندراج میں اتنی تحقیق تو ضروری ہے۔

اردو ادب کی تنقیدی تاریخ انتہائی متوازن ہے 341 صفحات پر مشتمل ہے نہ بہت طویل ہے نہ مختصر ہے اوسط ضخامت ہے کسی کتاب کے عمدہ اور جامعیت کا پہلو اس زمانے کے معیار سے پرکھ کر نہیں کیاجاسکتا بلکہ اس عہد میں جاکر یہ دیکھنا ضروری ہے جس میں یہ فن پارہ یا کتاب وجود میں آئی احتشام صاحب نے اس کتاب کے لکھنے میں جو محنت کی جو وسائل ان کے پاس تھے ان کا استعمال کیا پھر بھی دوسری اور تاریخوں سے جو طلبا کو مد نظر رکھ کر لکھی گئیں یہ اس تاریخ کا مرتبہ کیا ہے طلبا اور قارئین خود پڑھنے کے بعد اپنی رائے قائم کر سکتے ہیں احتشام حسین نے اپنے ایک مضمون میں لکھا تھا کہ:

''ادبی تاریخ لکھنے والے حقائق کے بہت بڑے ذخیرے کی بنیاد پر ہی ادبی ارتقا کی ایک ایسی داستان پیش کر سکتے ہیں جو بہ یک وقت ادب کے ظاہر و باطن تک پہنچا سکے اس طرح قوی تہذیب کا ارتقا ادب کے آئینے میں منعکس ہوگا اور ادب قوی تہذیب کے آئینے میں اپنا جلوہ دکھائے گا۔''

(ادبی تاریخ احتشام حسین)

اور بہت ساری ایسی کتابیں جو درسیات کے نام پر تحریر کی گئیں مگر سب کا تذکرہ یہاں ممکن نہیں تھا لہٰذا ان کتابوں کا جن سے عموماً طلبا رجوع کرتے ہیں یہاں ذکر کیا گیا ہے تاکہ ان کو فائدہ ہو۔

احتشام حسین کی تاریخ اور دوسری تاریخوں کا جائزہ لینے کے بعد طلبا قارئین آسانی سے سمجھ سکتے ہیں کہ ان کو کن کتابوں کی طرف رجوع کرنا ہے۔

ابوالفضل بحیثیت مورخ

ڈاکٹر احمد

ابتدائی حالات:

ابوالفضل شیخ مبارک ناگوری کا بیٹا اور فیضی کا بھائی14جنوری 1551ء کو آگرہ میں پیدا ہوا۔ اپنی محنت اور غیر معمولی ذہانت کی بنیاد پراس نے صر ف پندرہ سال کی عمر میں روایتی تعلیم مکمل کر لی اور علوم نقلی اور حملی پر عبورحاصل کر لیااس کے علاوہ عربی ،منطق ،فلسفہ وغیرہ کابھی مطالعہ کیا ۔ نیز علم کی بیشتر شاخوں پر عبور حاصل کر لیا ۔ اور تقریباً بیس سال کی عمر میں خود درس سینا شروع کر دیا۔ اور عزلت نشینی کی زندگی اختیار کی ۔ابوالفضل خود لکھتا ہے کہ اس کے گرد شاگردوں کی موجودگی سے اسے اپنے علمی استعداد پر فخر محسوس ہوتا تھا۔

ابوالفضل کے والد شیخ مبارک ایک وسیع النظر ،آزاد خیال اور صوفی مُنش عالم تھے۔ ان کی آزاد خیالی اور وسیع النظری کی گہری چھاپ ابوالفضل پر پڑی ۔ شیخ مبارک اور اس کے خاندان کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئیں تھیں ان کاگہرا اثر ابوالفضل پر ایام طفولیت میں پڑا۔ چنانچہ اس کی خاندانی حالت نے اس کے نظریات کو بڑی حد تک متاثر کیا۔

1560ء کے بعد شیخ عبد النبی اور عبد اللہ سلطان پوری جیسے متشدد علماءشیخ مبارک کے دشمن ہو گئے اور مہدویوں کی حمایت کے نتیجہ میں اس کے ساتھ زیادتیاں کیں۔ اس کی زمین ضبط کر لی گئیں اور گرفتاری کا حکم نامہ جاری ہوا۔ مخدوم الملک اس کا دشمن ہو گیا۔ عرصے تک اسے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ بقول نعمان احمد صدیقی سب سے اہم واقعہ جس نے ابو الفضل کے مذہبی اور سیاسی نظریہ پر اثر چھوڑا وہ طویل اذیت تھی جو اسے اور اس کے خاندان کو طاقتور علماءکے ہاتھوں اٹھانی پڑی ۔ شیخ مبارک پر مہدوی بلکہ شیعہ ہونے کا شبہ کیا گیا ۔ ابو الفضل اپنے والد کے خلاف ان الزامات کی تردید کرتا ہے۔‘‘

کافی پریشانیوں کا سامنا کرنے کے بعد 1574ء میں اس کے برے دن ختم ہوئے جب اکبر نے اس کے خاندان کو بلا کر اپنی حفاظت اور سر پرستی میں رکھا ۔ خود ابوالفضل کو 1574ء میں فیضی کے بھائی کی حیثیت سے اکبر کے سامنے پیش کیا گیاتھا ۔ اکبر نے اسے خاص عنایت سے نوازا اور کچھ عرصہ بعد ایک درباری کی حیثیت سے ابوالفضل نے شہنشاہ کی ملازمت اختیار کر لی-20 کے منصب سے اس نے ترقی شروع کی 1585ء تک ایک ہزار کے منصب تک پہونچا1602ءمیں آخر کار اسے پانچ ہزاری کا منصب حاصل ہوا اسی سال یعنی 1602ءمیں نروا کے قریب بار کے مقام پر شہزادہ سلیم کے ایماء پر راجہ بیر سنگھ دیو بندیلہ نے اسے قتل کردیا ۔ جس کا اکبر کو بہت صدمہ ہوا۔

ابوالفضل اوائل عمری ہی سے مذہبی مباحثوں میں حصہ لیتارہا جس سے اس کی فکر میں رواداری پیدا ہوئی اس نے مذہبی مباحثوں کو بڑے سلیقے کے ساتھ کٹر علماءکے خلاف استعمال کیا ۔ اپنی اعلی دلیلوں اور وسیع علم کی مدد سے ان علماءکو اکبر کی نگاہ سے گرا دیا۔ اور بالآخر اقتدار سے بھی گرا دیا۔ الغرض کٹر علماءکو بااثر عہدوں اور مقامات سے محروم کر دیا۔ انہیں مذہبی معاملات میں جو کلیدی حیثیتیں حاصل تھیں وہ انھوں نے چھوڑدیں۔

1575ء سے1585ء کی درمیانی دہائی اکبر کے دورحکومت کانہایت ہنگامہ اور تشکیلی دور تھا ۔ اکبر کے سامنے بہت سے سیاسی ، انتظامی اور مذہبی مسائل تھے مذہبی مسائل اور مسلم برادری میں فرماں روا کی حیثیت پر بڑے پر جوش مباحثے ہوئے عبادت خانہ کے مباحثوں نے تنقیدی تحقیق کی قوتوں کو آزاد کردیا ابوالفضل نے دلیل اور مذہبی رواداری کی حمایت کا بیڑا اٹھایا بالآخر اس مخالفت نے جس کی قیادت ابوالفضل اور حمایت اکبر کر رہاتھا۔ کٹر علماء کو لاجواب کر دیا ۔

الغرض ابوالفضل نے اپنے مخالف علماءکا وقار گرا کر انہیں سیاسی اور معاشی مراعات سے محروم کروا دیا ۔ اور بالآخر اپنے نظریاتی اور ذاتی مخالفین پر فتح ہو گیا۔ یہ صرف اس کی تبحر علمی، علوم عقلیہ اور دلائل کی وجہ سے ممکن ہوا جو اس نے مباحثوں میں دئے

واضح رہے کہ عبادت خانہ کے مذہبی مباحثوں نے اس کی سوچ اور فکر پر کافی گہرا اثر ڈالا وہ مذہب کی شدت پسندی اور روایت کی اندھی تقلید سے کنارہ کش ہو گیا عبادت خانہ اور دیگر مذہبی مناظروں میں اس کی شرکت نے مذہب اور سیاست کے بارے میں اس کے نظریات کی وضاحت کر دی ۔عبادت خانہ کے مباحثوں کے اثرات اور اس کے نظریات بار با راس کی تحریروں میں نظر آتے ہیں۔

1589-90ء میں ابوالفضل کو دور اکبری کی تاریخ لکھنے کا حکم ملا۔ اس نے تاریخ کی بیشتر عربی ، فارسی کی کتابوں کا مطالعہ کیا تھا ۔سارے سرکاری رکاڈ اس کے استعمال میں تھے۔ تاریخ الفی کے لئے جمع کیا گیا موا د بھی موجود تھا الغرض اکبر نے اس کو تاریخ نگاری سے سے متعلق ہر سہولت بہم پہونچائی شاہی فرامین اور دستاویز اس کے استعمال میں تھے ۔نیز امراءاور مقامی لوگوں سے بھی معلومات حاصل کرتا تھااختلافی باتوں پر زیادہ چھان بین کرتا تھا۔

ابوالفضل کا مقصد اکبر کے روحانی پہلوکو اجاگر کرنا تھا اور اس کی صلح کل کی پالیسی کو لوگوں تک پہونچانا۔ اور بادشاہ کی شخصیت اور اس کی برتری کو منوانا اس کتاب کا مقصد تھا ابوالفضل کا ماننا تھا کہ بادشاہت خدا کی دین ہے اسی وجہ سے اس نے چنگیز خاں کو ایک روحانی انداز میں پیش کیاہے ابوالفضل کی نظر میں اکبر ایک بادشاہ سے کہیں اوپر تھا یہی وجہ ہے کہ وہ اکبر کو ''انسان کامل'' کہتا ہے۔

اکبر نامہ

اکبر کے حکم سے سات سال کی مدت میں پانچ بار نظر ثانی کرنے کے بعد ابوالفضل نے1597-98ء میں اکبر نامہ پورا کرکے سامنے پیش کیا جو کہ تین جلدوں میں ہے ۔ ابوالفضل کا خیال تھا کہ اسے پانچ حصوں میں لکھے گا مگر اس کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا اور اس کی وفات کے بعد اس کی یہ تصنیف تین حصوں میں منقسم ہو کر رہ گئی جس کے تیسرے حصہ کو "آئین اکبری نام دیاگیا۔

اکبر نامہ کا پہلا جزاکبر کی پیدائش سے شرو ع ہو کر 15ستمبر 1572ء پر ختم ہوتا ہے اس جز کے دیگر موضوعات تخلیقِ کائنات مختلف مذاہب کے نظریات ، حضرت آدم اور دوسرےپیغمبروں کاذکر نیز اکبر کے آبا واجداد کے حالات سے متعلق ہیں۔

اکبر نامہ کے دوسرے حصہ میں اکبر کی تخت نشینی کے اٹھارہویں سال سے 46 ویںسال کا تذکرہ ہے واضح رہے کہ وہ پہلے ہر حکمراں کے عہد کو ایک اکائی مان کر چلتاہے ۔ مگر بعد میں یہ طرز چھوڑ دیتا ہے۔ اور اس کی تاریخ کو اکائی نہ مان کرسال اور تاریخی واقعات میں بدل دیتاہے جسے اصطلاح میںAnnual Cronology کہا جاتا ہے۔

اکبر نامہ کا تیسرا حصہ جو آئین اکبری کے نام سے موسو م ہے ، اکبر نامہ کی جان ہے جس سے ابوالفضل کی تبحر علمی ، تحقیقی گہرائی اور تاریخی دانشمندی کا اندازہ ہوتا ہے آئین اکبری کے پانچ اجزاءیا حصے ہیں پہلے حصے میں 10، دوسرے میں 30 اور تیسرے میں 16 آئین (Regulations)ہیں پہلے میں شاہی کارخانہ ، دوسرے میں فوج ، تیسرے میں دنیاوی مالگزاری وغیرہ کا ذکرہے ۔ چوتھے حصہ میں ہندوستان کی ذاتوں ، موسم فصلوں اور قدرتی خوبصورتی کاذکر ہے نیز ہندو فلسفے ، سیا ست ،ادب ،مذہبی زندگی اور ان کی عدلیاتی نظام کا تفصیلی ذکر ہے ۔ آخر میں کچھ ہندوستانی سنتوں ، فقیروں اور کچھ بیرونی صوفیوں کی سوانح ہے۔ پانچویں حصہ میں صرف دو آئین ہیں جن میں اکبر کی کہاوتیں اور ابوالفضل کی نجی زندگی کاحال ہے۔

آئین اکبری کے چوتھے حصے کے بارے مینہر بنس مکھیا کا کہنا ہے کہ" ابوالفضل کی کتاب میں یہی حصہ سب سے کمزور نظر آتا ہے جس کی وجہ شاید یہ ہے کہ اس نے اس سلسلہ مینصرف دوسرے ذرائع پر اعتبار کیا ہے۔ بذات خود کوئی جانکاری حاصل نہیں کی ہے ۔

بقو ل شیخ محمد اکرام ابوالفضل کا ضخیم ''اکبر نامہ'' جس کا آئین اکبری محض ایک حصہ ہے ہندوستان میں لکھی جانے والی تمام کتابوں سے زیادہ اہم ہے۔''

آئین اکبری کے بارے میں بلاک مین کا کہنا ہے کہ ''اس میں ہمیں اکبر کے عہد کے الگ الگ محکموں کی صاف تصویر نظر آتی ہے ساتھ ہی ساتھ اس کی یہ کتاب مخلوط نسلوں اور الگ الگ طبقوں میں بٹی ہوئی ہے عوام اور

حکومت کے تعلقات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے کچھ خاص طبقوں کا تذکرہ اس انداز میں کیا گیا ہے کہ ان کی تصویر ہماری نظروں کے سامنے چلتی پھرتی نظر آتی ہے۔‘‘

اکبر نامہ اور آئین اکبری کے بارے میں مورلینڈکا کہنا ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی کتاب ایسی نہیں ہے جن سے مکمل معلومات حاصل کی جا سکیں۔ لیکن دونوں کتابیں مل کر سارا مواد فراہم کر دیتی ہیں۔‘‘

ابن حسن کہتے ہیں کہ’’اس میں کوئی مبالغہ نہیں کہ اکبر نامہ کے مطالعہ کے بغیر آئین اکبری سے وہ نتائج نہیں مل سکتے ۔ جن کا تذکرہ بلاک مین نے کیا ہے۔ اس لئے دونوں کتابوں کا مطالعہ ضروری ہے۔

ابوالفضل اکبر نامہ میں ایک حد میں رہتے ہوئے وسیع معلومات فراہم کرتا ہے جس میں جنگوں ، جنگی تدبیروں، علاقوں کی جغرافیائی حالات ،تہذیبی ،و فوجی اہمیت ، ہاتھوں کے اقسام اور علم نجوم کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

معلومات کے ذرائع مواد

ابوالفضل ہمیں تاریخ کے تجربہ گاہ میں لے جاتا ہے ۔ اور اکبر نامہ اور آئین اکبری میں استعمال کئے جانے والے طریقوں اور معلومات حاصل کرنے کے ذرائع نیز ان تمام مآخذوں کو بیان کرتا ہے ۔ جن کی بنیاد پر اس نے تاریخ مرتب کی۔

1۔ وہ کہتا ہے کہ اکبر اور اس سے متعلق معلومات اورواقعات سرکاری دستاویزات سے جمع کئے گئے ہیں ۔

2۔ قدیم ملازمین اور شاہی خاندان کے افراد سے تفصیلی گفتگو کو نہایت تحقیق اور چھان بین سے استعمال کیا۔

3۔ ہر خاص وعام کے لئے مملکت کے حدود میں احکام جاری ہوئے کہ جو کوئی بھی گزشتہ واقعات کے بارے میں کچھ جانتا ہووہ تحریری یا زبانی کسی طرح اس کا خلاصہ جمع کرکے دربار بھیجے ۔ سرکاری منظوری کے بعد ابوالفضل اس کو اکبر نامہ میں شمار کرتا ہے۔

4۔ ریکا رڈ آفس جس کو اکبر نے 19ویں سال جلوس میں قائم کیا تھا ۔ اس کی جمع کی ہوئی معلومات ۔

5۔ ابوالفضل خود ماہر افراد سے معلومات حاصل کرتا ۔ وہ جن کتابوں کا حوالہ دیتا ہے ان میں کتاب الہند ، منوسمرتی ، تزک بابری ، تذکرۃالواقعات ، تذکرہ ہمایوں و اکبر شامل ہیں۔

6۔ عربی اور فارسی تاریخی کتابوں کے علاوہ تاریخ الفی کے لئے جمع کئے گئے مواد سے بھی استفادہ کیا۔

نعمان احمد صدیقی کہتے ہیں کہ ’’ابوالفضل عہد وسطی کا پہلا مورخ ہے جس نے اصل ماخذوں کی اہمیت کو جانا ، اور بڑی غور و فکر کے ساتھ ان کا مطالعہ کیاکسی ایک حقیقت کی تصدیق کے لئے اس نے صرف ایک ماخذ پر بھروسہ نہیں کیا ۔ بلکہ بہت ساری روایتں جمع کیں ان کو تنقیدی نظریہ سے دیکھا۔‘‘

وہ کہتا ہے کہ اس نے بہت سے سوالات بنا لئے تھے ۔ جسے وہ کسی واقعہ یا حادثہ کی رواداری سے چھان بین کرتا ۔ وہ کہتا ہے کہ طریقہ کار حق کی تصدیق میں مورخ کی بڑی مدد کرتا ہے۔ اس کا ماخذ ی مواد ان لوگوں کے بیانات پرمبنی ہے۔ جنہوں نے واقعات کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو ۔

ہربنس مکھیا کے خیال میں ابوالفضل اپنے ماخذوں کو جس طرح استعمال کے طرح طریقہ کو عہد وسطی کی تاریخ نویسی کا اہم موڑ ثابت کرتا ہیں۔‘‘

اس کے بارے میں مختصرا یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ پہلے تمام متعلقہ اطلاعات کو جمع کر لیتا ہے۔ خواہ و ہ کسی بھی شکل م میں ہوں اس کے بعد ہر واقعہ کی تحقیق کرتا ہے اور دیگر ذرائع سے اسکا موازنہ کرتا ہے ۔ اگر کسی واقعہ میں اختلاف نظر آتا تو وہ راجح قول یا اکثریتی قول نکال لیتا ۔ اور اگر اسے کسی واقعہ کے بارے میں شبہ ہوتا تو اس کو اکبر کے سامنے پیش کرتا اس کی منظوری حاصل کرتا اور خود ذمہ داری مول لینے سے بچ جاتا۔

ابوالفضل بحیثیت مورخ : ABUL FAZAL AS A HISTORIAN

اگر یہ کہا جائے کہ بحیثیت مورخ ابوالفضل قدیم ہندوستان اور عہد وسطی کا سب سے بڑا مورخ ہے تو بے جا نہ ہوگا ڈاکٹر محمد یسین لکھتے ہیں کہ ''کوئی شہنشاہ اکبر سے عظیم نہیں گزرا ہے اور نہ کوئی تاریخ اکبر نامہ سے افضل ۔ در اصل اکبر نامہ فنِّ تاریخ، سیاست ، ملک داری میں ایک نئے انقلاب کابانی ہے۔''

اگر ہم اس بات کا بغور جائزہ لیں تو واقعی یہ محسوس ہوتاہے کہ اکبری عہد کا مورخ ابوالفضل ان تمام مورخین پر سبقت لے جاتا ہے۔ جو اس سے قبل عہد وسطی میں تھے ۔ البیرونی کے بعد یہ پہلا مورخ تھا جس نے سماج کے نچلے طبقہ کے بارے میں معلومات دیں۔نیز ہندو طبقہ اس کے رسم و رواج ، ان کے تہواروں اور طبقات کے بارے میں بتایا ہے۔ البیرونی کی کتاب عربی میں ہونے کی وجہ سے زیادہ سود مند نہ تھی ۔ اور عام لوگ اس سے مستفید نہیں ہو پاتے تھے

ابوالفضل سنسکرت سے واقف نہیں تھا ۔ لیکن اس نے محنت ، لگن اور دلچسپی سے ہندو مذہب سماج اور طبقات کا بغور جائزہ لیا اور اس کے بعد اپنے نظریات بیان کئے۔ اس نے ہندووں کو مذہبی ،مہمان نواز، خوش دل وخوش مزاج اور روادار بتایا ہے۔ان کی ایمانداری ، شرافت اور بڑے پن کی تعریف کی ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابوالفضل تاریخ کو محض شہنشاہونکی تاریخ نہیں سمجھتا ۔ بلکہ وہ تاریخ کو انسانیت کا آئینہ اور انسانی تجربات کا مخزن خیال کرتا تھا۔ اس کا ماننا تھا کہ صحیح تاریخ انسان اور انسانیت کے لئے مشعلِ راہ ہو سکتی ہے ۔ اور تاریخ کے مطالعہ سے غلطیوں کے ارتکاب سے نجا ت مل سکتی ہے۔

ابوالفضل کہتا ہے کہ''تاریخ انسانیت کے شعور کی امین ہے ۔ اگر اسے صحیح ڈھنگ سے لکھا جائے تو ایسی باتیں لکھی جائینجو درست اور صحیح ہوں تو محنتی اور تلاش وجستجو کرنے والوں کو دوسری زندگی مل سکتی ہے۔

ابوالفضل کو ممتاز مورخ کا خطاب دینے کا اصل سبب یہ ہے کہ اس کی تحریروں پر عقلی عنصر غالب تھا۔ اس نے مذہبی اور تہذیبی روایتونکی طرف نہیں بلکہ بڑے نمایاں طور پر دلیلوں کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے۔ تاریخ کے بارے میں اس کا نظریہ بہت زیادہ وسیع تھا۔ اس نے اپنے دور کی تاریخ کی جرجمانی اس دور کے سیاسی اور انتظامی حقیقتوں کی روشنی مینکرنے کی کوشش کی ۔اس نے متشدد اور کٹر علماءکی طرح علم منقولات ، سوالات اور دلائل کے ذریعہ حقائق کو واضح کرنے کی کوشش کی۔

بقول نعمان احمد صدیقی بحیثیت مورخ اس کا نمایاں کارنامہ یہ ہے کہ وہ اکبر نامہ اور آئین اکبری کے ذریعہ اکبر کی عظمت کو نمایاں اور ٹھوس شکل دینے میں کامیاب ہوگیاتھا۔''

اگربرنی ، بدایونی ،نظام الدین اور فرشتہ کامیاب مورخ مانے جا سکتے ہوں اور انھوں نے اپنے موضوعات کے بارے میں غیر جانبدارانہ رویہ عقلی اور معروضی تھا ۔اس نے حقائق کو جمع کرکے تنقید اور تحقیق کی بنیاد پرانہیں ترتیب دینے کا نیا طریقہ اپنا لیا تھاجو اس کی تاریخی تحریروں پر مہر ثبت کرتی ہیں۔

ابوالفضل کی تاریخ نگاری کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اس نے کثیر تعداد میں ایسے حقائق تحریر کرکے جن کا تعلق سیاسی ، سماجی ، اقتصادی اور تہذیبی زندگی سے تھا۔ انتظامی ضابطوں ، کاروائیوں ، صوبوں کے جغرافیائی حالات پر ابواب شامل کرکے تاریخ کا دائرہ بہت زیادہ وسیع کر دیا تھا۔

نعمان احمد صدیقی لکھتے ہیں کہ''اس نے بڑی جانفشانی سے مواد جمع کیابڑی احتیاط کے ساتھ تحقیق اور تفتیش کر نے کے بعدوہ حقائق اکٹھا کئے جو بہت اہم تھے ۔ پھر انھیں واضح اور باضابطہ انداز میں پیش کیا ۔'' اس نے تاریخی تحقیق کے اصول مرتب کئے اور مآخذ کو اس پر پرکھا۔''

لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ابو الفضل کی تحریروں میں ہمیں ایک فلسفہ تاریخ ملتا ہے جو تاریخ کے مزاج کو ایک ٹھوس بنیاد فراہم کرتا ہے ابوالفضل تاریخ کو سائنس کا انمول موتی تصور کرتا ہے جو جسمانی اور روحانی تسکین کا باعث ہے۔

عبادت خانہ جیسے مذہبی مناظر وں میں اس کی شرکت نے مذہب اور سیاست کے بارے میں اس کے نظریہ کی وضاحت کردی تھی ۔ یہی نظریات بار باراس کی تحریروں میں نظر آتے ہیں ایک اور چیز جس نے اس کی تحریرونپر

اثر ڈالا اس کی فاضلانہ تربیت ومزاج اور فلسفیانہ خیالات سے بھری ہوئی ہیں جو اس کی فن تاریخ نگاری کا ایک اہم حصہ سمجھی جاتی ہیں ۔

پروفیسر رالنسن ابوالفضل کی مورخانہ حیثیت سے خوبیاں بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ''اس عہد کے تمام مورخین میں ابوالفضل یکتا ہے۔ کوئی مورخ اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا ۔

''تاریخ ہندوستان'' کے مولف سر ہنری ایلیٹ نے ابوالفضل کے اکبر نامہ پر اعتراضات کئے ہیں ۔ ان کی تقلید اور دوسرے مصنف مثلاً الفنسٹن اورمارلے نے کی ۔ جنھوں نے ابوالفضل کی تصانیف کو کم تر قرار دیا ہے ان حضرات کا خیال ہے کہ ابوالفضل لفّاظ اورخوشامدی تھا۔ اس نے بے جا اکبر کی حمایت کی ۔ انھوں نے ابوالفضل کو واقعات توڑنے مروڑنے یا چھپانے کا ملزم گردانا ہے۔'' لیکن حقیقت کچھ اورہے اکبر نامہ اور آئین اکبری کے مطالعہ سے پہلے اس زمانے کا اندازِ تحریر اور اسلوب بیان کا ذہن نشین کرناضر وری ہے ۔ پروفیسر بلاک میل کا کہنا ہے کہ''نہ صرف فارسی زبان بلکہ ابوالفضل کے انفرادی طرزِ تحریر سے مانوس ہوئے بغیر ابوالفضل کی تصنیفات کو صحیح اور مکمل طور پر نہیں سمجھا جا سکتا ۔

معاصر الامراءکے مصنف شاہ نواز خاں کا قول ہے کہ ابوالفضل کا انداز تحریر شاندار ہے اور دوسرے مصنفین کی غیر ضروری باریکیوں سے مبرا اور پاک ہے۔

میجرپرائس کہتا ہے کہ''ابو الفضل خوش آمدی نہیں بلکہ مداح تھا ۔اور اس کی مدح درجہ بودیت اور پرستاری کو پہنچی ہوئی تھی وہHero worshiper تھا لیکن قرون وسطی نے اکبر سے بڑا ہیرو نہ پیدا کیا۔''

ڈاکٹر محمد یسین لکھتے ہیں کہ ابو الفضل نے کسی واقعہ کو چھپایا نہیں بلکہ اپنے خاص رنگ میں لکھا ہے ۔ اور واقعہ کا ذکر موجود ہے اب یہ نقا دوں اور محققوں کا کام ہے کہ اس سے صحیح نتائج اخذ کریں ''مثلاً اکبر کی مذہبی پالیسی کے بارے میں ہیجان تھا کسی بھی ہم عصر مورخ نے اس کا تذکرہ نہیں کیا حتی کہ ملّا عبد القادر بدایونی کی منتخب التواریخ بھی خاموش ہے ۔ لیکن ابوالفضل اس کا تذکرہ کرتا ہے۔

بلاک مین لکھتا ہے کہ اکبر نامہ اور آئین اکبری کے مطالعہ سے ہمیں یہ محسوس ہوتا ہے کہ نے کچھ بھی نہیں چھپایا ۔ اب یہ قارئین کا کام ہے کہ وہ سطروں کے پڑھنے کے ساتھ سطروں کے بیچ جو چھپا ہے اسے بھی نظر انداز نہ کریں ۔ اکبر نامہ سے درباری جملوں کو الگ کر دیا جا ئے تو عہد اکبری کی مکمل تصویر ہمارے سامنے ہوگی۔''

بقول ڈاکٹر مبارک علی''ابو الفضل اپنے پیش رو مورخین کی طرح صرف مسلم بادشاہوں کے کارنامے بیان نہیں کرتا ہے بلکہ ہندوستان کی تاریخ کے تسلسل کو سمجھنے کے لئے وہ قدیم ہندوستان کی تاریخاور ان کے فلسفہ کو جاننا انتہائی ضروری سمجھتا ہے۔''

بحیثیت مو رخ ابوالفضل کی تاریخ نگاری کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس نے ہم عصر تاریخ لکھتے وقت سرکاری دستاویزات اور کاغذات کے استعمال کے ساتھ ساتھ زبان تاریخ سے بھی مدد لی ہے اور زبان گومگو کا استعمال کیا ہے۔ اس نے تاریخ کے دائرہ کو وسیع کرکے سیاست کے ساتھ سماجی ، انتظامی ، ثقافتی اور معاشی پہلوں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

بعض جگہوں پر ابوالفضل ایک ہی واقعہ کے مختلف اسباب بیان کرتا ہے مثلاً بیرم خانکے قتل پر کہتا ہے کہ معلوم نہیں یہ اس کے ماضی کا کفارہ تھا یا اس کا ذہن ابھی بھی برے خیالات سے بھرا پڑا تھا۔ یا خدا نے اس کی شہادت کی دعا قبول کر لی۔ یا اس جیسے آدمی کو مزید شرمندگی کا بوجھ اٹھانے سے بچا لیا۔

اس نے اکبر کی فتوحات کو چنگیز ، ہلاکو اور تیمور سے نہیں جوڑا بلکہ اکبر کی فتوحات کا مقصد یہ بتایاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس کی رواداری اور امن وآشتی کی پالیسی سے فائدہ پہونچے۔

ابوالفضل نے اپنی تاریخ نویسی میں الفاظ کے انتخاب پربھی دھیان دیا۔ وہ روایتی الفا ظ استعمال نہیں کرتا۔ ایسے محاورںاور الفاظ کو بالکل نظر اندازا کر دیتا تھا جس سے مذہبی شدت پسندی اور کٹر پن جھلکتا ہو۔

اس نے مغل فوجیوں اور بادشاہ کے لئے لڑنے والوں کے لئے ''مجاہدین اقبال '' اور غازیان دولت'' کے الفاظ کا استعمال کئے ہیں ۔ انہیں غازیان اسلام یا مجاہدین اسلام نہیں کہا ہے۔ ان الفاظ کا استعمال عہد وسطی کی تاریک نگاری میں ایک نیا باب اور انوکھا انداز تھا جو ہمیں صرف ابوالفضل کے یہاں نظر آتا ہے۔

بادشاہ اکبر نے ہندو مسلم اتحاد کے فروغ پر بہت زیادہ زور دیا۔ وہ چاہتا تھا کہ طاقت اور اقتدار کی بنیاد ہندوستانی روایت پر ہو ۔ ان رجحانات کی نمائندگی ابوالفضل نے بڑی عمدگی کے ساتھ کی ہے ۔ اس کے یہاں انسانی برادری کا نقطئہ نظر یہ تھا کہ ہندو مسلم دونوں ثقافتی رشتوں میں منسلک ہوں ۔ مذہبی اختلاف کے باوجود معاشرتی یکجہتی اور ہم آہنگی ہو۔ اس کی تاریخ میں ہندو مسلم تصادم نہیں بلکہ استحکام اور انتشار کے بیچ کشمکش نظر آتی ہے۔ جس میں مغل حکومت استحکام اور اس کے مخالفین (چاہے وہ ہندو ہو یا مسلم)انتشار کی علامات ہیں۔

ابوالفضل نے پہلے کے مورخین کے اس نظریئے پر تنقید کی کہ ہندوستان کی تاریخ اسلام اور مذہب کا آپسی ٹکراوہے۔ کٹر پن (شدت پسندی)جہالت اور تنگ نظری کی سخت مخالفت کرتا ہے چاہے وہ مسلم ہو یا ہندو۔ اس کی تنقید سے نہ تو منعم خاں بچ سکا نہ ہی ٹو ڈر مل ۔اس کی تنقید سے کوئی نہ بچ سکا۔ بنگال مین مظفر خاں کی حکمت عملی پر اس کی تنقید ، بغاوت کا ذمہ دار ، صوبائی عمال کو قرار دینا اور اپنے خیالات کی تصدیق و تائید میں صرف دس دلائل دینا نہ صرف اس کی ذات صاف گوئی بلکہ صحیح صورت حال پر اس کی گرفت اور اتنے دوردراز صوبوں کے ذمہ دار عہدیداروں کے فرائض کے بارے میں اس کا غور و فکر ثابت کرتے ہیں۔

اسی طرح جہانگیر کے عمل پر اس کی تنقید اور عہد اکبری کے خاتمہ پر اس کی روش پر اعتراضات ایک وقائع نگار کی حیثیت سے اس کی صاف گوئی اور دلیری کی واضح مثال ہیں۔ وہ حسین مرزا کے قتل کو ناروا قرار دیتا ہے جسے گجرات میں اس کی شکست کے بعد قتل کر دیا گیا تھا ابوالفضل اکبر پر برملا تنقید نہیں کر سکتا تھا ۔ اس لئے اپنے دل کی بات کہنے کے لئے وہ راجہ بھگوان داس کو الزام ٹھہراتاہے۔ جس کی شفارش سے یہ بے جا حرکت ہوئی تھی ۔

اسی طرح یہ بات بھی ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ اکبر پر تنقید کرتے وقت وہ زبان گو مگو استعمال کرتا ہے ایسے محاوروں کا انتخاب کرتا ہے جو عام فہم نہ ہوں ۔

ابن حسن وبلاک مین کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ'' انگریز مورخین اکثر ابوالفضل پر الزام لگاتے ہیں کہ وہ خوش آمدی تھا اور اس نے جان بوجھ کر ان حقائق سے چشم پوشی سے کی ہے جن سے اس کے آقا کی شہرت کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ تھا لیکن اکبر نا مہ کے بنظر غائر مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس نے حقائق سے چشم پوشی نہیں کی تھی ۔ اور یہ الزام قطعا بے بنیاد ہے اس کتاب کا ہر صفحہ اس کی حق پسندی اور صحت معلومات کی شہادت دیتا ہے۔''

ملّا عبدالقادر بدایونی ابوالفضل پر الزام لگاتے ہیں کہ اس نے زرو مال اور شہرت و اعزاز کی خاطر اکبر کی خوشامد اور چاپلوسی کی ۔ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ 23 سال خدمت کر نے پر بھی وہ 1596ء میں وہ صرف 2 ہزار پنچ صدی کا منصب دار تھا ۔ نیز یہ کہ اکبر کی خد مت میں آنے سے قبل اس نے کافی غور وفکر کیا۔ اور شیخ مبا رک اور فیضی کے اصرار پردرباری بنا۔

نعمان احمد صدیقی لکھتے ہیں کہ ایسا لگتا ہے کہ بادشاہ کی ملازمت اختیار کرنے سے قبل ابوالفضل ایک شدید اور گہری ذہنی کشمکش کا شکار رہا ۔ وہ اس بات پر غور کرتا رہا کہ درباری بننے میں کیا دانائی اور معقولیت ہے۔''

نعمان احمد صدیقی کی بات سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابوالفضل طوعاًو کرہاً درباری بنا تھا لیکن اکبرنامہ کے مطالعہ سے یہ بات ظاہر نہیں ہوتی۔میرے خیال میں ابوالفضل نے پہلے سارے نکات پر غور کرنے اور اکبر کی پالیسیوں کا جائزہ لے کر اپنی صوابدید کے مطابق فیضی اور شیخ مبارک کی خواہشات کی تکمیل کی ہوگی۔

ابوالفضل کے سیاسی اور مذہبی نظریات

جہاں تک ابوالفضل کے سیاسی اور مذہبی رجحانات کا سوال ہے ۔ ہمیں اس میں بھی اس کی تاریخی بصیرت نظر آتی ہے اس کے سیاسی اور مذہبی نظریات دو باتوں کی وجہ سے کافی اہمیت کے حامل ہیں ۔

1۔ سیاسی اور مذہبی نظریات ہی کی بنا پر اس نے اہم تاریخی حقائق کا انتخاب کیا تھا۔

2۔ ابوالفضل کے ان نظریات نے اس کے مظامین کے اندازبیان پر بھی کافی حد تک اثر ڈالا تھا ۔ جیسا کہ عبادت خانے کے مباحث کا تذکرہ کیا جا چکا ہے ۔

ابوالفضل ایک غیر متعصب ، فراخ دل اور روشن خیال مسلمان تھامذہبی اختلافات اور کج بحثیوں سے بالا تر تھا محبت، خلو ص اوربھائی چارہ سے وہ راہ معرفت طے کرنا چاہتا تھا۔ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتاکہ اس وقت کے حالات اور ماحول کا بھی اثر اس کافی حد تک پڑا تھا۔ واضح رہے کہ ابوالفضل کے تبحر علمی ، گہرے سیاسی شعور ، بے تعصبی اور مذہبی ''صلح کل'' کے نظریئے سے اکبر کو بھی کافی تقویت ملی تھی ۔

البیرونی کی طرح ابوالفضل بھی ہندوؤں کو موحد(Monothoeist)مانتا تھا ۔ مختلف مذاہب کے درمیان اختلافات کی مختلف وجوہات بتاتا ہے مثلاً 1۔ مختلف زبانوں میں اختلاف کی وجہ سے ان کو سمجھنے مین دقت ہوتی تھی ۔2۔ اس کا ترجمہ کرنے والوں کی نالائقی ۔ 3۔ لوگوں کا ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش نہ کرنا۔ 4 ۔ تنگ نظری اور تحقیق کی عدم جستجو۔5۔ تعصب پرستی ۔ 6۔ علوم عقلیہ کا عد م استعمال ۔7۔حکمرانوں کا ظلم وغیرہ۔

ابوالفضل نے آپسی اختلافات اور تعصب کی ذمہ داری حکمرانوں پر ڈال دی ہے۔

ابوالفضل کا ماننا تھاکہ بادشاہ بنیادی طور پر مقدس ہوتا ہےیہ وہ روشنی ہو تی ہے جو خدا کی طرف سے پہوٹتی ہے۔ بادشاہ کو اپنا مقام بغیر کسی شفاعت اور استحقاق کے خدا کے فضل وکرم سے نصیب ہوتا ہے۔سماجی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے بادشاہ ہی ادارے کو ضروری قرار دیتے ہوئے ابوالفضل بادشاہ اور بادشاہت کے خصائص بھی بتاتا ہے ۔ اس کا کہنا تھا کہ بادشاہ کے ہاتھ میں کھلونانہیں ہونا چاہئے۔ بادشاہ کو عوام کی فلاح وبہبود کے لئے وقف ہونا چاہئے ۔ نظم وضبط قائم کرنا چاہئے ۔ بادشاہ کو منصف مزاج ،عقلمند اوربہادر ہونا چاہئے۔ رواداری ، وسیع النظری اور قوی احساس و عدل وہ خوبیاںہیں جو ایک بادشاہ میں ہونا ضروری ہے۔

مغلیہ سلطنت کے اتحاد و استحکام اور اس کی قدروقیمت کا اندازہ ابوالفضل نے لگایا وہ فطری طور پر اس کے بنیادی سیاسی نظریات کا نتیجہ تھانیز اس کے یہ سیاسی نظریات جو باربار اس کی تحریروں میں آتے ہیں مغلوں کی توسیع سلطنت کی پالیسی کا اخلاقی اور عقلی جواز فراہم کرتے ہیں اس طرح ایک مدبر کی حیثیت سے اس کی سیاسی بصیرت تاریخ کا اہم حصہ ہیں۔

مورخ کی حیثیت سے ابوالفضل کی کامیابی اور ناکامی کا معیار بڑی حد تک ان حالات کی مدد اور تعاون سے طے کیا گیا ہے جن حالات میں اس نے اپنا کا م کیااس کے محدودات اور کار ناموں دونوں کی جڑیں ، اس کی سماجی حیثیت ،اس کی تعلیم وتربیت اور کمالات اور نوعمری میں اس کے تجربات اور اس کے مذہبی نیز سیاسی نظریات میں تلاش کی جاسکتی ہے۔ اس نے اپنے دور کے سیاسی اور مذہبی مسائل میں سرگرمی کے ساتھ دلچسپی لی۔ اور ان مسائل کے بارے میں اس نے جو نظریہ قائم کیا۔ اس کی بناءپراس نے اپنی عظیم کتاب کے مواد کو ایک خاص شکل میں پیش کیا۔

ابوالفضل سلطنت مغلیہ کو چیلنج کرنے والی تمام قوتوں کے خلاف اکبر کا حامی تھا خاص کر اس کی مذہبی پالیسی کے ہم آہنگی میں ابوالفضل برابر کا شریک کار تھا۔ وہ اکبر کا لائق اعتبار معتمد اور رازدار تھا۔

ابوالفضل کی تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ واقعی اکبر کے کردار اور شخصیت کے بارے میں اس کے دل میں عزت اور احترام موجود تھا ۔ممکن ہے یہ رویہ ذاتی ترقی کے خیال سے ہو لیکن قابل غور اہم بات یہ ہے کہ سیاست اور مذہب کے بارے میں اس کے نظریات اکبر سے ملتے تھے۔

مذہبی رواداری میں اس کا یقین کامل تھا۔ اکبر نے حکومت کے لئے جو بھی پالیسیاں اور اصول بنائے ۔ ابوالفضل نے خود کو اس سے مکمل طور سے وابستہ کر لیا۔ اور مذہب کے بارے میں بھی اس نے اکبر کے نظریات کی تائیدکی۔

کچھ مورخین ابوالفضل کو اکبر کی مذہبی گمراہی قرار دیتے ہوئے اس کی ذمہ داری ابوالفضل پر عائد کرتے ہیں۔ جو سراسر اس کے ساتھ زیادتی ہے۔اگر ہم مآخذونکامطالعہ کیا جائے تو لگتا ہے کہ مذہبی اور انتظامی پالیسی بنانے کی اصل ذمہ داری شاید ابوالفضل پر نہ تھی ۔بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اکبر اور ابوالفضل دونوں کے سیاسی اور مذہبی رجحانات ایک دوسرے کے مماثل تھے ۔یہی وجہ ہے کہ اس نے اخلاقی اور عقلی طور پر شہنشاہ کی حمایت کی تاکہ وہ سختی کے ساتھ ان پالیسیوں پر پابند رہے جو تعصب اور شدت پسندی سے پاک تھیں ۔''عہد مغلیہ مع دستاویزات'' کے مصنف لکھتے ہیں کہ''یہی وجہ ہے کہ مورخین ابوالفضل کو ہی اکبر کے نوساختہ دین کا مخترع قرار دیتے ہیں ۔''

ابوالفضل کے مذہبی نظریات اس کے ہم عصروں کی طرح ہم جیسے مغلیہ تاریخ کے طالب علموں کے لئے بھی ایک معمہ ہے ۔ابوالفضل کے بارے میں اس کے ہم عصروں کے خیالات کا خلاصہ شاہ نواز خاں نے اپنی کتاب معاصرالامراءمیں پیش کیا ہے۔ خان اعظم نے اسے باغی رسول کہکرپکارا ہے۔ کچھ لوگوں نے اس پر کفر کا الزام بھی لگایا ہے۔

لوگوں نے اسے برہمنی کا طعنہ دیا۔ کچھ لوگوں نے دہریہ کہا ۔ کچھ نے اسے ملحد اور زندیق کہا۔ الغرض عام خیال یہ تھا کہ وہ ہندوتھا ، آتش پرست تھا ،لادین اوردہریہ تھا۔ شاہ نواز خاں کے مطابق کہنا زیادہ مناسب تھاکہ وہ صلح کل میں یقین رکھتا تھا۔آزاد مفکر تھا جو ہرمذہب کو اچھا مانتا تھا۔ ابوالفضل خود اعتراف کرتا ہے کہ اس نے صلح کل کی راہ اختیار کی۔

نعمان احمد صدیقی کہتے ہیں کہ''آئین اکبری اوراکبر نامہ کے بغو ر مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہو عقیدت پسند اور آزاد مفکر تھاجو بالآخر دلیل کی طرف توجہ مبذول کراتا ہے۔ وہ ان کا مذاق اڑاتا ہے جو روایتوں اور رواجوں کی طرف توجہ دلاتے یا ان راویوں کی طرف توجہ دلاتے تھے جو مذہبی کتابوں میں دی گئی ہے۔وہ انہیں تقلیدی کا لقب دیتا ہے۔دوسرے لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کے نزدیک کٹر علماءتقلیدی تھے آگے لکھتے ہیں کہ .... کہ اسی کے ساتھ یہ لگتا ہے کہ ابوالفضل خاصہ مذہبی آدمی رہا تھا۔''

واضح رہے کہ یہ بیان کرنا ذرا مشکل ہے کہ خدا اور دوسرے مذہبی تصورات کے بارے میں اس کے قطعی نظریات کیا تھے لیکن اس کی تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایک خدائے واحد میں یقین رکھتا تھا۔ صوفیوں اور ان کے روحانی جوہروں کی قدر کرتا تھا۔

جب علماء اور مسلمانوں کی اکثریت اس کے خلاف ہو گئی،وہ اسلام روایت ،رسول اور مسلم قانون کا دشمن مشہور ہو گیا۔اور اس کی سماجی حیثیت بھی مجروح ہونے لگی۔ چنانچہ وہ مجبور ہوگیا کہ آئین اکبری اور اکبر نامہ میں اپنے نظریاتی موقف کا اظہار، اس کی توضیح اور تشریح کر لے۔ اور اسے حق بجانب ثابت کرے ۔ چناچہ اس کی کتابوں میں مذہبی آزادخیالی ،صلح کل اور روایت کے مقابلہ دلیل کی بر تری پر مباحث ملتے ہیں۔

مذہب کے بارے میں اس کی آزاد خیالی آئین اکبری کی ایک عبارت میں جس کا موضوع ''ہندوستان کے لوگوں کی حالت ہے'' دی ہوئی ہے جس کا مختصرا تذکرہ کیا جا چکا ہے جہاں وہ ہندووں کو موحد قرار دیتا ہے ۔

ابوالفضل نے بادشاہ کے ایسے تمام سیاسی اقدامات کی تائید کی جن کی مدد سے مختلف مذاہب کے عقلاءاور فضلاءکے درمیان تبادلہ خیالات کے لئے ضروری حالات پیدا ہو سکیںتاکہ وہ غلط فہمیاں دور ہوں جن سے نفرت اور اختلاف پیدا ہوتا ہے۔

یہاں پر اس کے سیاسی اور مذہبی نظریات ذکر کرنے کا صرف اور صرف مقصدیہ تھا کہ مذہب اور سیاست کے بارے میں ابوالفضل عقلی دلائل اور بے تعصبی نظریہ نے اس کے تاریخی کارناموں پر خاصہ اثر ڈالا ۔ اور بحیثیت مورخ اس کی پوزیشن کو اور زیادہ اونچا کیا۔

جب ہم بحیثیت مورخ ابوالفضل کا جائزہ لے رہے ہوں تو ہم کو اس بات کی کچھ مستثنیات بھی دھیان میں رکھنا ہوگا مثلا ابو الفضل دلیل کو اپنا واحد رہنما اور اصول مانتا تھا اور ان لوگوں کا مذاق اڑاتا تھاجو دلیل کے مقابلہ روایت کی راہ اختیار کرتے ہیں لیکن ابوالفضل اپنے اس اصول اطلاق بادشاہ وقت پر بالکل نہینکرتا ہے بلکہ اکبر کی''اقبال مندی'' کے کارنامے تحریر کرتے وقت وہ دلیلوں کا استعمال نہیں کرتا ہے۔ اور ایسا محسو س ہوتا ہے کہ وہ خوش اعتقادی اور اوہام پرستی کا شکار ہو گیا ہے۔

بقول نعمان احمد صدیقی ''ایسے بھی ثبوت موجود ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بعض ایسے حقائق اور واقعات کی لیپا پوتی کر دیتا ہے جو اکبر کی دانائی اور لیاقت پر داغ لگا سکتے ہیں مثال کے طور پر اکبرنامہ اس منصوبہ کی ناکامی پر چپ ہے جس کے تحت زمین، جاگیریں خالصہ میں بدل دی گئی تھیں جس کا نتیجہ یہ ہواکہ قابل زراعت زمینوں کے علاقے کے علاقے تباہ ہو گئے۔

ابوالفضل نے اکبر کو''انسان کامل'' ثابت کر نے کے لئے جگہ جگہ ہندواور مسلم روایتوں کا فائدہ اٹھایا ہے مثلا ہندواور مسلم کے اس عقیدہ کا کہ پیغمبروں کی پیدائش کے وقت عجیب و غریب واقعات پیش آتے ہیں ۔ابوالفضل نے پورافائدہ اٹھایااور اکبر کےپیدائش سے ایسے نرالے واقعات و حادثات جوڑے ہیں

بچپن میں اکبر کی تعلیم کا انتظام نہ ہونے کو وہ پیغمبروں کے امی ہونے سے جو ڑتا ہے جسکا تر جمہ بعض مورخین نے جاہل سے کیا ہے حالانکہ اکبر بہت ہی دانشمند تھا اور اس نے تجربات سے تعلیم حاصل کی تھی یہ مورخین کی نا سمجھی ہے۔

نعمان احمد صدیقی کہتے ہیں کہ '' بہت ہی مثالیں دی جا سکتی ہیں جن سے ظاہر ہو تا ہے کہ ابو الفضل نے بحیثیت مورخ اپنے منصب سے انصاف نہیں کیا شیر شاہ کا بیان اس نکتے کی حمایت میں پیش کیا جا سکتا ہے اس کے کارناموں کو جھوٹا کرکے دکھایا گیا ہے اوراس کی کامیابی کو دگا ، فریب اور جھوٹ سے تعبیر کیا گیا ہے شیر شاہ کے بارے میں اس کی رائے سے کوئی جدید مورخ متفق نہ ہوگا۔

میرے خیال میں بحیثیت مورخ جس طرح اس کے قبل کے مورخین مثلاًبرنی کو اپنا انجام معلوم تھا ہو سکتا ہے ابوالفضل اس انجام سے بچنا چاہ رہا ہو لیکن اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اس کی تاریخ نگاری کا کوئی جواب نہیں ۔ اور ہر انسان کے اندر خامیاں ہوتی ہیں حتی کہ آج کے مورخین جب حقائق چھپاتے ہیں تو وہ تو ایسے دور میں لکھ رہا ہے جب شہنشاہ کی تعریف ایک خاصہ بن چکی تھی اس کے باوجود وہ زبانِ گو مگو میں اکبر پر تنقید کرتا رہتا تھا جس سے اس کی مورخانہ حیثیت بڑھ جاتی ہے یہ ابو الفضل ہی کی کاوش کا نتیجہ ہے کہ ہمیں اکبر کے دور کا ایک نہایت مکمل اور تفصیلی بیان مل گیا ہے جو بحیثیت مورخ ابوالفضل کا عظیم کارنامہ ہے۔

خلاصہ:

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اگر ہم ابوالفضل کو بحیثیت مورخ جائزہ لیں تو بہت ساری خصوصیات کے ساتھ ہمیں اکبر کے دور کا تفصیلی اور مکمل بیان مل جائیگا ۔ ایک مورخ کی حیثیت سے اس نے اپنی تاریخ نویسی کا دائرہ بہت وسیع کر دیا اس نے اس سے قبل کے تاریخی رجحانات کو بدلا ۔ ہندو مسلم تنازعہ کے مقابلہ میں استحکام اور انتشار کا متنازعہ بتایا نہ کہ ہندو مسلم تصادم۔ نیز ہندووں کے مذہب اور عقائد کا فلسفیانہ جائزہ لیا ۔ اور اپنی تاریخ نویسی کی علم معقولات پر رکھی ۔

سلطنت کے بارے میں ایسا اعلی تصور اور بہترین نظریہ قائم کیا جس سے اکبر زندہ جاوید بن گیا اس نے ہندو سماج کو صحیح تاریخی پس منظر میں پیش کیا ۔ ہندو سماج کو ہندووں کے خیالات میں سمجھنے کی کوشش کی ۔ جو کہ البیرونی کے بعد کسی بھی مورخ نے نہ کی تھی۔

ا　　　گر ہم شمسی ، خلجی ،تغلق ،بابر اور ہمایوں وگیرہ کے دور کے تاریخی مورخین اور تاریخوں سے ابوالفضل کا موازنہ کرینتو محسوس ہوتا ہے کہ ابوالفضل کی تحریر سکنڈری کا کام کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آئین اکبری کو پہلا ''گزیٹر آف انڈیا '' شمار کیا جاتا ہے۔

تاریخ کے بارے میں ابوالفضل کا نظریہ سائنسی تھا وہ صرف مورخ نہیں بلکہ سیاسی مفکر بھی تھا ۔ اگر ہم برنی اور ابو الفضل کا موازنہ دوسرے مورخین سے کریں تو معلوم ہوگا کہ ابوالفضل اور برنی کے علاوہ سب مورخ تھے جبکہ یہ دونوں مورخ اور سیاسی مفکر دونوں تھے۔

یہ دور وسطی کا پہلا مورخ ہے جس نے تاریخ نگاری میں روادارانہ پالیسی اختیار کی تھی ۔ تاریخ نگاری ہی نہیں بلکہ محاوروں کے استعمال میں بھی رواداری جھلکتی ہے مثلاً مجاہدین دولت ، غازیانِ اقبال ۔ یہ اس کے اپنے نظریات کا نتیجہ تھا۔ جو عبادت خانہ کے مباحثوں نیز وراثت میں اسے اپنے باپ سے ملا تھا تنقید کیلئے زبانِ گومگو کا استعمال اسکی مدبرانہ حکمت تھی

اس کی آئین اکبری میں جہاں ایک طرف Land Revennue کا تذکرہ ہے تو دوسری طرف آبادی کا بیان ، تیسری طرف طبقات کا پتہ چلتا ہے۔ اور دوسری طرف ہندوؤں کے رسم و رواج اور تہواروں کا تذکرہ۔ الغرض ابوالفضل نے ایک بہترین تاریخ اور تاریخی رجحان دیا ۔جو اسے عہد وسطی کے بہترین مصنفوں میں اعلی و ارجح اور ممتاز مقام عطا کرتی ہے۔

پروفیسر وہیلرWHEELER) (کا قول ہے کہ ''اکبر کی فوق البشریت کا احاطہ کرنا اس وقت تک مشکل ہے ۔ جب تک کہ ہم یہ دھیان نہ رکھ لینکہ یہ نتیجہ زبوالفضل کی کاوشوں کاہے اور اسی طرح ابوالفضل کی صلاحیتوں کو سمجھنا ناممکن ہے جب تک کہ ہم یہ نہ سمجھ لیں کہ وہ اکبر کی انانیت اور غرور کی تسکین کی سعی کر رہا ہے ۔''

ابوالفضل کی قلم کی رواونی سے امراءتک ڈرتے تھے عبداللہ ازبیک والئی توران کا کہنا تھا کہ وہ اکبر کے تیروں سے زیادہ ابوالفضل کے قلم کی جنبش سے خوف کھاتا ہے۔''

بحیثیت مجموعی اگر جائزہ لیں تو خلاصہ یہی نکلتا ہے کہ عہد وسطی کے مورخین میں ابوالفضل سب سے ممتاز مورخ تھا اور اس نے تاریخ نگاری کی بنیادی ضرورتوں کو پورا کیا ۔ اور عہد وسطی کی وہ تاریخ پیش کی جو دوسرے مورخین پیش کرنے سے قاصر رہے۔

مراجع مقالہ

1۔ عہد وسطی کے مورخین:محب الحسن

2۔ سلطنت مغلیہ کا مرکزی نظام حکومت:"مقدمہ" ابنِ حسن

3۔ تاریخ نویسی: ڈاکٹر مبارک عل

4۔ تاریخ ہند کے چند تہذیبی خاکے: ڈاکٹر محمد یٰسین

5۔ عہد مغلیہ مع دستاویزات : صفدر حیات صفدر

History of History writing in Med. India : J. N. Sarkar .6

on History and HIstorian of Med. India: K.A. Nizami .7

Medieval India 11 Harish ChandreVerma .8

Class Lecture.9

جمال قدوسی کا اصلی نام جمال احمد ہے۔ ان کا تعلق سدھارتھ نگر، اترپردیش کے ایک علمی گھرانے سے ہے۔ زمانہ طالب علمی سے ہی شعر وشاعری میں دلچسپی ہے۔ ان کی 3 کتابیں شائع ہو کر منظر عام پر آ چکی ہیں اور 2 کتابیں طباعت کے مرحلے میں ہیں۔ اپنی غزلوں، نعتوں اور نظموں کی وجہ سے کافی مقبول اور مشہور ہیں۔ مشاعروں اور دینی اجلاس، خصوصا سدھارتھ نگر اور اطراف کے اضلاع، میں برابر شریک ہوتے رہتے ہیں۔ تجارت کے پیشہ سے منسلک ہونے کی بنا پر دور دراز کے مشاعروں میں شرکت سے احتراز کرتے ہیں۔ ہندوستان کے تقریبا تمام ادبی رسائل میں ان کا کلام شائع ہوتا ہے۔ انہوں نے ''نقیب الہند'' کے لئے یہ غیر مطبوعہ غزل ارسال کیا ہے جس کے لئے ہم ان کے شکر گذار ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی وہ اپنی تخلیقات سے نوازیں گے۔ (مدیر)

غزل

مکان مٹی کے سب قصر ہو گئے ہیں اب	نہ گاوں گاوں رہے شہر ہو گئے ہیں اب
نقیب امن بھی بے صبر ہو گئے ہیں اب	مثال شہد تھے جو زہر ہو گئے ہیں اب
نقوش تھے مرے بچپن کے جن دیواروں پر	نئے مکان کی وہ نذر ہو گئے ہیں اب
جو بوند بوند کے محتاج تھے ابھی کل تک	سنا ہے دوستو وہ ابر ہو گئے ہیں اب
خدا ہی جانے کیا انجام میکدہ ہو گا	بے ظرف پیر مغاں صدر ہو گئے ہیں اب
کیا ہے اس نے گناہوں سے اس طرح توبہ	گناہ اس کے سبھی اجر ہو گئے ہیں اب
جمال دھوپ میں جل جل کے جو جوان ہوئے	صلہ انہیں یہ ملا مہر ہو گئے ہیں اب

ٹیچر

محبوب حسن ہمدم

سیدھی راہ دکھاتے ٹیچر دل میں آس جگاتے ٹیچر
علم وادب ہے پیشہ ان کا گیان کا جام پلاتے ٹیچر
جگ ہے سارا روشن روشن علم کی شمع جلاتے ٹیچر
پابندی کا کیا ہے کہنا! روز وقت پر آتے ٹیچر
اردو ہندی اور انگریزی کیا کیا ہمیں سکھاتے ٹیچر
سائنس، ریاضی اور تاریخ سب کچھ ہمیں پڑھاتے ٹیچر
کتنے مخلص! کتنے نیک! روز وقت سے جاتے ٹیچر
جو پڑھنے سے بھاگے دور اس کو پاس بلاتے ٹیچر
ماں باپ کی خدمت کرنا یہ پیغام سناتے ٹیچر
غلطی کوئی جب ہو جائے رب سے ہمیں ڈراتے ٹیچر
بغض ونفرت توبہ! توبہ! وفا کے پھول کھلاتے ٹیچر
آپس میں جو جھگڑا کرتے سب سے میل کراتے ٹیچر
جو بھی بن جائے شیطان اسے انسان بناتے ٹیچر
ان کو کتنی عزت ملتی! دیکھو جو بن جاتے ٹیچر
ہمدم ان کا کہنا مانو ماں باپ کہلاتے ٹیچر

History of Madrasas in India

Sagheer Ahmad

Research Scholar CAAS/ JNU

The history of Madrasas in India goes back to early days when Mohammad bin Qasim conquered some parts of India. “The conqueror of Sindh Mohammad settled Muslims there, built a Jama Masjid and settled 4000 Muslims there. In this mosque education was also imparted.” (1)

When Mahmood Ghaznavi returned to Ghazni after conquest of Qannoj he built a jama masjid and Mdarasa there. Masood came to power after Mahmood “Masood built, in early days of his government, several mosques, Maktabs and gave endowments to Madrasas; these Madrasas were established in several cities of his government.”(2)

After Masood four kings came into power but their contribution towards promotion of education is insignificant.

Ghori dynasty

